صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 22 اپریل 2011 بمطابق 18 جمادی الاوّل 1432 ہجری صبح گیارہ بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

إِذَا زُلۡزِلَتِ ٱلۡأَرۡضُ زِلۡزَالَهَاO وَأَخۡرَجَتِ ٱلۡأَرۡضُ أَثۡقَالَهَاO وَقَالَ ٱلۡإِنسَـٰنُ مَا لَهَاO يَوۡمَىِٕذٍ تُحَدِّثُ أَخۡبَارَهَاO بِأَنَّ رَبَّكَ أَوۡحَىٰ لَهَاO يَوۡمَىِٕذٍ يَصۡدُرُ ٱلنَّاسُ أَشۡتَاتًا لِّيُرَوۡاْ أَعۡمَـٰلَهُمۡO فَمَن يَعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَيۡرًا يَرَهُۥO وَمَن يَعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُۥ۔

(ترجمہ): جب زمین اپنی سخت جنبش سے ہلائی جاوے گی۔ اور زمین اپنے بوجھ باہر نکال پھینکے گی۔ اور اس حالت کو دیکھ کر کافر آدمی کہے گا اس کو کیا ہوا۔ اس روز سب اپنی (اچھی بری) خبریں بیان کرنے لگے گی۔ اس سبب سے کہ آپ کے رب کا اس کو یہی حکم ہوگا۔ اس روز لوگ مختلف جماعتیں ہو کر (موقف حساب سے) واپس ہوں گے تاکہ اپنے اعمال (کے ثمرات) کو دیکھ لیں۔ سو جو شخص (دنیا میں) ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ (وہاں) اس کو دیکھ لے گا۔ اور جو شخص ذرہ برابر بدی کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا۔ و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ سب سے پہلے، ہزارہ سے "ایبٹ آباد یونین آف جرنلسٹس" کے کچھ معزز اراکین آئے ہیں، میں اپنے ہاؤس کی طرف سے ان کو خوش آمدید کہتا ہوں۔

(تالیاں)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : مفتی سید جانان صاحب۔

* 1311 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مختلف علاقوں میں فوجی آپریشن و فوجی ساز و سامان کی نقل و حرکت کی وجہ سے پختہ سڑکیں کھنڈرات میں تبدیل ہو گئی ہیں، ان کی دوبارہ تعمیر کی پالیسی حکومت نے اپنا رکھی ہے;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ پالیسی کے مطابق سوات، ملاکنڈ اور دیر میں یہ سڑکیں دوبارہ تعمیر کی گئی ہیں;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ضلع ہنگو میں حکومت سڑکیں تعمیر کرنے کی پالیسی پر عمل درآمد کیوں نہیں کرتی، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ فوجی ساز و سامان کی نقل و حرکت کی وجہ سے پختہ سڑکیں خراب ہو گئی ہیں۔ ان سڑکوں کی تعمیر و مرمت حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن ایسی کوئی مختص شدہ پالیسی موجود نہیں ہے۔ البتہ ضلع ہنگو میں سالانہ ایم اینڈ آر اور فلڈ ڈیمیجز ریسٹوریشن ڈائریکٹریٹ کے تحت کئی سڑکوں کی تعمیر و مرمت کر دی جائے گی جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

Repair / Reconstruction of Roads in District Hangu

S. No	Name of Roads	Estimated Cost
01	Repair of karbogha sharif road(km 3&4)	Rs.1.5(M)
02	Repair of Tora Wari road (km 4)	Rs.1.2(M)
03	Repair of Marmo khwar dallan road(km4&5)	Rs.1.5(M)
04	Repair of dallan to gurguri road (10km)	Rs.2.846(M)
05	Repair of Hangu Shahu Khel Road(1-3km)	Rs.1.2(M)
06	Repair of Togh Sarai Anar china Road(km4 -8)	Rs.1.5(M)
07	Kacha Pacca Kah Zargari Road (Km 1 to 5)	Rs.1.0(M)
08	Repair of Stadium Hayat Abad Road	Rs.0.8(M)
09	Repair of Muslim Abad to Pukhta Masjid Road	Rs.0.8(M)
Total		Rs.12.346(M)

(ب) ملاکنڈ ڈویژن کے علاوہ حکومت نے کسی ضلع میں ان سڑکوں کی تعمیر کیلئے پالیسی نہیں بنائی ہے۔

(ج) ضلع ہنگو میں ایم اینڈ آر اور فلڈ ڈیمیجز ریسٹوریشن ڈائریکٹریٹ کے تحت تعمیر و مرمت کی جانے والی سڑکوں کی تفصیل لف ہے اور ان کی تخمینہ لاگت درجہ ذیل ہے۔

(1) سالانہ ایم اینڈ آر (2010-11) کے تحت مرمتی کیلئے منظور شدہ تخمینہ لاگت 12.346 ملین روپے ہے۔

(2) فلڈ ڈیمیجز کے تحت منظور شدہ تخمینہ لاگت 50.00 ملین روپے ہے۔

ضلع ہنگو میں مندرجہ بالا سڑکوں پر مرمتی کا کام ضروری Coda formalities پوری ہونے پر جلد ہی شروع کر دیا جائے گا۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any supplementary, ji?

<u>مفتی سید جانان:</u> دیکښې جي (الف) جز کښې چه ما کومه خبره لیکلې ده، دوئ جي ما ته جواب کښې لیکي دي کنه چه "جی ہاں، یہ درست ہے کہ فوجی ساز و سامان کی نقل و حرکت کی وجہ سے پختہ سڑکیں خراب ہو گئی ہیں، ان سڑکوں کی تعمیر و مرمت حکومت کی ذمہ داری ہے" او بیا لاندې جي لیکي څه ایم اینډ آر فنډ کښې مطلب دا دې، دې ته پیسې اچولې شي، که دا پانړه جي تاسو واړوئ دیکښې تقریباً ایک کروړ بیس لاکھ روپۍ ټوټل هنګو کښې د ایم اینډ آر فنډ پروت دې او ایک سو بیس کروړ جي چه په دوه حلقو باندې تقسیم شي، ساټھ ساټھ لاکھ روپۍ رسیږي، ساټھ لاکھ روپۍ باندې به جي دا کار بالکل هم ممکن نه دې چه اوشي۔

<u>جناب سپیکر</u> : جی، حافظ اختر علی صاحب۔

<u>حافظ اختر علی:</u> شکریه۔ جناب سپیکر صاحب! د منسټرصاحب نه زما یو ضمني سوال دا دې، دوی وائي چه دا Coda Formalities برابر شي نو وائي بیا به مونږ کار شروع کوؤ نو مونږ وایو چه که چرې دوئ څه مختص شې مونږ ته اوښائي ځکه زمونږ په مردان کښې جي د وزیراعلیٰ صاحب حلقه ده او زمونږ د مردان چه کوم ایم پي ایز دي، هغوی ټول په دې باندې باخبر دي، د هغې دومره برا حالت دې جي او روزانه خلق ښیرې کوي نو دا ایم اینډ آر، دا به کله پورې په دې باندې عمل شروع شي؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی۔ محمد علی صاحب، محمد علی خان صاحب، سپلیمنٹری سوال؟

جناب محمد علی خان: زمونږ جی، زمونږ جی ایف ایچ اے والا خو نور روډونه موډونه ئے شروع کړی دی، ډیر ښه کار کوی خو دا میچنئ روډ جی، د پیر قلعه نه واخله تر میچنئ روډ ئے پریښودے دے او هغه آپریشن کښے ډیر زیات خراب شوے وو، ټینکونه پرے ګرځیدلی وو او ډیر زیات خلق تکلیف کښے دی۔ د پیښور نه تر ورسک روډ پورے هغه خو ئے جوړ کړو جی، تاسو ته هم دغه پته ده، تاسو ته پته ده خو د میچنئ نه دیخوا ئے نه دے جوړ کړے۔ مونږ دا وایو چه د میچنئ نه تر شبقدر پورے او پیر قلعه پورے دا روډ د هم ایف ایچ اے والا مرمت کړی فی الحال او دا د راله ټهیک کړی۔

جناب سپیکر: دا ښه ده چه لږ صفت د اوکړو، نن د ایف ایچ اے د لږ تعریف هم اوکړو Ji, honourable Law Minister, on behalf of Chief Minister۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): مهربانی جی۔ داسے ده جی، تر څوچه پورے د مفتی صاحب سوال دے، ضمنی سوال دے، دوئ ته خو مونږ مکمل ډیتیلز ورکړی دی چه کوم کوم Repairs دی، تقریباً نهه یو دی او څلور نور دی، دا اولنی چه کوم نهه دی، د دے د Repairs ټینډر چه کوم دے Float شوے وو خو بیا به په دیکښے Stay order راغلے وو او د هغے د لاسه دا خبره Delay شوه خو اوس Stay order vacate شو او انشاء اللّٰه ډیر زر به کار په دے روان شی، May be میاشت یوه نیمه کښے دننه دننه دا ټول کارونه به ستاسو اوشی او باقی حافظ صاحب چه کوم دے، داسے ده چه د ایم اینډ آر دا فنډ اخر کښے ریلیز کیږی، لږ لیټ ریلیز کیږی خو د ایم اینډ آر په دے فنډ کښے چه کوم دی، اوس نه نه، همیشه نه څه نا څه Anomaly وی، څه نه څه داسے د دے ټهیک استعمال نه کیږی نو As a Member of the Parliament د دے اسمبلئ د ممبر په حیثیت باندے مونږ ټولو له پکار دی چه خپل خپل ډسترکټ کښے په ایم اینډ آر فنډ باندے ډیر خصوصی نظر ساتو۔ د دے سکیم Identification چه کوم وی، دا لوکل ډی سی اوز کوی، هغوی سره تاسو کښینئ چه یره بهئ دا دا زما روډ چه کوم دے، دا په ایم اینډ آر کښے واچوه نو بیا چه کله پرے کار کیږی، هغه وخت هم Supervision پکار دے ځکه چه دیکښے ډیر شکایات دی۔ بل داد مردان حوالے سره به تاسو Kindly مهربانی دا کوئ چه فریش کوئسچن به راولئ ځکه چه دا خو صرف د هنګو

حوالے سره کوئسچن ووـ دغه شان محمد علی خان! که فریش کوئسچن یا دغه راولئ نو بیا به مونږ تاسوته تفصیلی جواب درکړو، دے وخت کښے د میچنئ روډ متعلق مونږ سره څه انفارمیشن نشته۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: بس اوس ختم شوملک صاحب، درے کوئسچنز پرے اوشو کنه جی۔ سید قلب حسن، سوال نمبر 1345۔

* 1345 _ سید قلب حسن: کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں پی ایف 38 میں ممبر صوبائی اسمبلی کی نشاندہی پر پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی منظوری دی گئی تھی جو محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے زیر نگرانی تعمیر کیے گئے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکولوں اور ان کیلئے منظور شدہ فنڈز کی تفصیل الگ الگ بتائی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) گزشتہ دور حکومت میں پی ایف 38 میں جن پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی تعمیر کیلئے فنڈز کی منظوری دی گئی تھی، ان کی سال بہ سال تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

سید قلب حسن: سر، سپلیمنٹری خو دے ته نه شی وئیلے، یو ریکویسټ دےـ مونږ کله کله محکمو نه۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

سید قلب حسن: سر، محکمو نه مونږ کله کله ډیټیل خپله غواړو Verbally یا Telephonically، هغوی هغه تفصیل مونږ ته نه راکوی، مونږ مجبوراً بیا هغے باندے کوئسچن واستوؤ چه هغه کښے د اسمبلئ هم ټائم ضائع کیږی او دے باندے خرچه هم راځیـ زما گزارش دا دے چه تاسو دے محکمو ته دا هدایات اوکړئ چه کله مونږ هغوی نه څه ډیټیلزغواړو نو هغوی مونږ ته که راکړی، بیا به دا کوئسچنز مونږ نه کوؤ او دے باندے به خرچه هم د اسمبلئ نه راځیـ د دے نه علاوه سر، زه د دے کوئسچن نه مطمئن یمه۔

جناب سپیکر: نه کوئسچن ستا د هاؤس بنیادی حق دے ، دا به هسے هم کوئ چه Update کیږی ، ټول هاؤس پرے Update کیږی ، دغه څه خرابه خبره نه ده خو که نور داسے څه خبره.....

سید قلب حسن: هغے سره زما اتفاق دے خو زه وایم چه کله مونږ ډیپارټمنټ له لیټرز لیږو ، هغه ډیپارټمنټ ته هغوی نه راکوی نو بیا مونږ مجبوراً کوئسچن واستوؤ۔

جناب سپیکر: نه دا Healthy activity ده ، یہ تو اچھی روایت ہے جی۔ آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: داسے ده جی چه کله یو ډیپارټمنټ دوئ ته خپل Requisite information نه ورکوی نو بیا پکار ده چه Concerned Minister سره تاسو خبره کوئ۔ دیکښے وزیراعلیٰ صاحب دے ، هغه ته اول دغه پکار دے چه د هغه په نوټس کښے ئے راولئ ، که هغه درته مشکلات وی یا څه داسے ، مشکلات خیر نه دی پکار خو بهرحال که تاسو ته نامناسبه ښکاری ، ما سره کوئ او که زمونږ نه پاتے شی نو بیا ستاسو د پریویلج You can move a privilege motion ځکه چه دا ستاسو استحقاق دے ، خامخا به تاسو ته انفارمیشن درکوی نو دغه یو طریقه کار چه دغه شی۔

جناب سپیکر: جی ، آنریبل مفتی سید جانان صاحب ، دا چه کوم پاتے شوے وو۔

مفتی سید جانان: سوال نمبر 1336۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1336 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دوسالوں کے دوران ضلع ہنگو کی تحصیل ٹل کی یونین کونسل زرگری سے نریاب روڈ اور مردارو موڑ سے شناوڑی روڈ دوبارہ مرمت کی گئی ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(1) مذکورہ روڈ کس محکمے نے تعمیر کی ہے، اس کی نگرانی پر کون معمور ہے;

(2) مذکورہ دونوں روڈز کی تین ماہ میں خرابی کی وجوہات بتائی جائیں، نیز حکومت متعلقہ ٹھیکیدار و نگران آفیسر کے خلاف اقدامات اٹھانے کیلئے تیار ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی نہیں، ان کی مرمت نہیں کی گئی ہے بلکہ بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے جوملبہ روڈز پر آیا تھا، اسے ہٹایا گیا تھا اور روڈز ٹریفک کیلئے کھول دی گی تھیں جس پر ٹریفک جاری ہے۔

(ب) (1) مذکورہ روڈز محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے 1988 میں تعمیر کی ہیں اور سی اینڈ ڈبلیو اس کی نگرانی کر رہا ہے۔

(2) جیسا کہ جز (الف) میں بتایا گیا ہے کہ ان سڑکوں کی مرمت نہیں کی گئی ہے، تاہم بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے سڑکوں پر آیا ہوا ملبہ ہٹایا گیا ہے۔ بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے مذکورہ سڑکوں کو نقصان پہنچا ہے۔ چونکہ خرابی قدرتی آفت کی وجہ سے وقوع پزیر ہوئی ہے اس لئے نگران عملہ اور ٹھیکیداروں کو مورد الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا اور نہ کسی کارروائی کا جواز بن سکتا ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی سید جانان: دیکښے زما دا سپلیمنټری ده جی۔ دیکښے چه دا کوم بیان شوے دے، دا بیان جی خلاف الواقعه دے جی۔ (الف) جز کښے ما لیکلی دی چه "آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران ضلع ہنگو کی تحصیل ٹل یونین کونسل زرگری سے نریاب روڈ اور مردارو موڑ سے شناوڑی تک روڈ دوبارہ مرمت کی گئی ہیں؟" دوئ ما ته لیکلی دی چه نه دی شوی جی۔ دا روډ شوے دے جی، دا هلته کښے هائی سکول دے موړ کښے او دا یوه محکمه ده، اوسه پورے ئے نوم هم نه دے معلوم، درے کاله تیر شو، خوک ورته پی ډی ایم اے وائی، خوک ورته بل نوم اخلی، پی اینډ ډی نوم ورته اخلی، دا هغے جوړ کړے دے جی۔ د هغے یو طریقه کار دے جی، هغوی خپل بس یو طریقه کار سره دا سے کسانو ته ټهیکے ورکړی چه هغه د هغوی خپل کسان وی خو حقیقت جی دا دے چه هغوی مخکښے ځی جی، وروستو نه مطلب دا دے روډ ورپسے ورانیږی۔ دا روډ جی حقیقت دا دے دوئ وائی چه دا نه دے جوړ شوے، دا جوړ شوے دے جی، دا دوړی ورته وائی، هغه ځائے نه جی دا شنے وړئ پورے جوړ شوے دے او درے میاشتو کښے دننه دننه نیم کلومیټر نه زیات روډ بیا دوړیدلے دے جی او دا د کمیټئ ته لاړ شی، د دے جی څه تحقیق اوشی چه دا جوړ دے او که نه دے جوړ جی؟

جناب سپیکر: جی، بنه تاسو وایئ چه روډ جوړ شوے دے؟

مفتی سید جانان: او جی، دا جوړ دے جی۔

جناب سپیکر: او دوئ وائی نه دے جوړ شوے۔

مفتی سید جانان: دوئ وائی چه نه دے جوړ شوے، دا جی جوړ شوے دے او بیا دوه میاشتو کښے د ننه لاړ دے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: نو ډیپارټمنټ خو جی In writing وائی، آن ریکارډ چه یره دا نه دے جوړ شوے۔ دوئ ایم پی اے دی لوکل نو دواړه مطلب زمونږ د پاره محترم دی نو بالکل جی، دا د لاړ شی کمیټئ ته، بنه په خوشحالئ ئے مونږ کمیټئ ته لیږو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: دا مفتی صاحب! چا جوړ کړے دے، پی ډی ایم اے؟

مفتی سید جانان: دا جی ځوک ورته پی ډی ایم اے وائی او-----

جناب سپیکر: ټهیک شوه، ټهیک شوه جی۔ ټهیک شوه دا چه چا جوړ کړے دے، هاؤس نه به لږ تپوس او کړو نو بیا جی۔ Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; the Question is referred to the concerned Committee.

(Applauses)

جناب سپیکر: محترم شاہ حسین صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، شاہ حسین صاحب نہیں ہیں۔ جی جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی سر، یہ کوسچین نمبر 5 ہے۔ بہت اہم معاملہ جوانہوں نے پوچھا تھا کہ انڈر پاس سے جو ٹریفک کے بہت بڑے مسائل تھے یہاں پشاور میں بھی اور ہم دیکھ رہے تھے کہ 1998 اور 1999 میں جو انڈر پاسز بنائے گئے تھے، اگر وہ نہ ہوتے تو آج پورا 'سیٹ اپ' چینج ہو جاتا۔ منسٹر صاحب سے میں اتنا صرف پوچھ رہا ہوں کہ ہماری جو مانسہرہ روڈ ہے جو ایبٹ آباد سے گزرتی ہے جناب سپیکر،

وہاں گھنٹوں کے حساب سے ٹریفک بند رہتی ہے، کیا وہ کوئی ارادہ رکھتے ہیں کہ وہاں کوئی چار انڈر پاسز بنادیئے جائیں تاکہ ٹریفک جو جام ہو جاتی ہے گھنٹوں کے حساب سے، اس کا Flow بہتر ہو سکے جناب سپیکر؟ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، یہ تو فریش کوسچن لگ رہا ہے۔

<u>وزیر قانون:</u> ہاں فریش کوسچن آپ Kindly کرلیں تاکہ پھر ہم ڈیٹیلز دے دیں، میرے پاس کوئی Available information نہیں ہے، اگر ہوتی تو میں دے دیتا۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں وہ فریش کوسچن لگ رہا ہے مجھے بھی، لیکن ایک بات ہے کہ یہ جو پشاور کے انڈر پاسز والا، یہ تو بہت پرانا والا کوسچن ہے جاوید عباسی صاحب، یہ-----

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر صاحب، میرا کوسچن یہ تھا، وزیر صاحب سے Kindly اس کے متعلق میں پوچھنا چاہ رہا تھا کہ وہ روڈ بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں کہ نہیں رکھتے؟ اسی میں میں نے آپ سے یہ کیا ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> آج اصل میں منسٹر صاحب نہیں ہیں، لوکل گورنمنٹ کے اور انہوں نے کہا بھی تھا کہ اس کو ڈیفر کریں۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> ہاں یہ ان کا جواب تھا، اس سوال کا۔

<u>جناب سپیکر:</u> لوکل گورنمنٹ کے منسٹر صاحب کا، This Question is deferred۔

<u>Mr. Muhammad Javed Abbasi</u>: Thank you, Sir.

<u>جناب سپیکر:</u> دا ڈیفر شو جی۔ نور سحر صاحبہ، محترمہ نور سحر صاحبہ، سوال نمبر 2۔

* 2 _ <u>محترمہ نور سحر:</u> کیا وزیر ہاؤسنگ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہاؤسنگ کے متعلق کئی منصوبوں پر کام جاری ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(1) محکمہ ہاؤسنگ کی گزشتہ تین سالوں کی بجٹ تفصیل سالانہ کے حساب سے فراہم کی جائے؛

(2) محکمہ کی گزشتہ تین سالوں کی کارکردگی کی تفصیل، نیز جاری اور آئندہ کے منصوبوں سے متعلق تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

<u>جناب امجد خان آفریدی (وزیر برائے ہاؤسنگ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا):</u> (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (1) گزشتہ تین سال میں سالانہ ترقیاتی پروگرام سے 158.677 ملین روپے مختص کئے گئے جس میں سے 43.339 ملین روپے خرچ کئے گئے جبکہ بقایا رقم واپس کر دی گئی۔

(2) محکمہ اس وقت مختلف ہاؤسنگ سکیموں کی تیاری کے ابتدائی مراحل میں ہے جبکہ کئی سکیمیں تیار کر کے مجاز حکام سے منظوری حاصل کرنے کے بعد سرکاری ملازمین اور عوام الناس میں مشتہر کی گئی ہیں، کئی سکیموں پر کام شروع ہو چکا ہے، تفصیل درج ذیل ہے:

(i) صوبہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں سرکاری ملازمین اور عوام الناس کیلئے رہائشی منصوبے شروع کرنے کی غرض سے ایک جامع سروے کیا گیا ہے جس کے تحت موضع جلوزئی ضلع نوشہرہ میں موجود زمین رہائشی منصوبے کیلئے موزوں قرار دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں تقریباً 8905 کنال زمین کی خریداری زیر غور ہے جس کیلئے حکومت خیبر پختونخوا نے 1200 ملین روپے کی خطیر رقم فراہم کی ہے، اس مالی سال کے آخر تک زمین کی خریداری مکمل کی جائے گی۔

(ii) حیات آباد ٹاؤن شپ کے فیز V میں 28 کنال زمین پر ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کیلئے فلیٹس بنانے کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے جس کا پی سی ون منظور کر لیا گیا ہے اور سرکاری ملازمین کیلئے 140 فلیٹس مشتہر کیے گئے ہیں۔

(iii) موضع ملازئی ضلع پشاور میں 190 کنال سرکاری قطعہ اراضی محکمہ ہاؤسنگ کو منتقل کیا گیا ہے جس پر محکمہ ہاؤسنگ نے ایک جامع ہاؤسنگ سکیم تیار کی۔ اس سکیم کے تحت سرکاری ملازمین اور عوام الناس کو تقریباً 37 پانچ مرلہ اور دس مرلہ کے پلاٹس، قرعہ اندازی کے ذریعے الاٹ کئے گئے۔ سکیم پر ترقیاتی کام تیز رفتاری سے جاری ہے۔

(iv) سول کوارٹر جو کہ 1932 تا 1966 کی مدت میں تعمیر کیے گئے ہیں، کی جگہ زیادہ اور بہتر رہائشی سہولیات کیلئے مشاورتی فرم کی خدمات حاصل کی گئی ہیں تاکہ اس زمین سے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کیے جا سکیں۔ ابتدائی رپورٹ تیار کر کے مجاز حکام سے منظوری کے مراحل میں ہے جس کے تحت 1236 فلیٹس اور 864 دکانیں (کمرشل ایریا) تعمیر کی جائیں گی۔

(v) مورخہ 17-02-2011 سے ناساپہ فلیٹس پر عدالتی حکم امتناعی ختم ہوا اور مورخہ 20-02-2011 سے مختلف بلاکس پر تیزی سے ترقیاتی کام جاری ہے۔ اگر دوبارہ کوئی رکاوٹ پیش نہ آئی تو عرصہ دو سال میں مذکورہ فلیٹس مکمل ہو جائیں گے۔ ان فلیٹس پر باقیماندہ لاگت کا تخمینہ تقریباً 200 ملین روپے ہے۔

(vi) اس طرح حویلیاں ضلع ایبٹ آباد میں تقریباً 217 کنال سرکاری زمین پر 234 پلاٹس، پانچ اور دس مرلہ ہاؤسنگ سکیم تیار کر کے عوام الناس اور سرکاری ملازمین کیلئے مشتہر کی گئی، درخواستوں کی آخری تاریخ 31 مارچ 2011 رکھی گئی ہے۔ ان کے علاوہ موضع دھمتوڑ (دوتار) مری روڈ پر تقریباً 400 کنال زمین کی خریداری بھی زیر غور ہے۔

(vii) ضلع سوات موضع ڈانگرام کے مقام پر تقریباً 210 کنال سرکاری زمین محکمے کے حوالے کی گئی ہے لیکن زمین مختلف چار ٹکڑوں پر مشتمل ہے، اس لئے محکمہ یہ کوشش کر رہا ہے کہ ان چار ٹکڑوں کو یکجا کر کے ایک جامع ہاؤسنگ سکیم تیار کی جاسکے، اس کیلئے تقریباً 308 کنال مزید زمین خریدنا پڑے گی۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام 11-2010 میں اس سکیم کو شامل کیا گیا تھا لیکن حالیہ سیلابوں کی وجہ سے رقم نہ مل سکی اس لئے اس سکیم کو اگلے سال عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ اس کے علاوہ ضلع سوات میں ابوہا بریکوٹ کے مقام پر تقریباً 3400 کنال قطعہ اراضی کی خریداری قابل غور ہے۔

(viii) ضلع چارسدہ میں موضع ڈھیری زرداد میں تقریباً 187 کنال سرکاری اراضی محکمے کے حوالے کی گئی ہے۔ حالیہ سیلابوں سے بے گھر افراد کیلئے ایک ہاؤسنگ سکیم تیار کر کے حکومت کو بھیج دی گئی ہے، منظوری کے بعد اسی زمین پر بے گھر اور متاثرہ افراد کیلئے 193 گھر تعمیر کئے جائیں گے۔

(ix) ضلع نوشہرہ اور ضلع صوابی میں موٹروے ایم ون کے ساتھ تقریباً 50 ہزار کنال زمین کی خریداری زیر غور ہے۔ اس پر ایک Mega city تعمیر کیا جائے گا جس میں تمام تر سہولیات میسر ہوں گی تاکہ صوبائی دارلحکومت پر بوجھ کم ہو سکے۔

(x) مذکورہ بالا منصوبوں کے علاوہ محکمہ صوبہ بھر میں مختلف مقامات کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ سرکاری ملازمین اور عوام الناس کیلئے جامع رہائشی منصوبے تیار کیے جائیں۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: Yes, Sir ۔ سر، اس میں میرا سپلیمنٹری کوسچن یہ ہے کہ ایک تو انہوں نے سالانہ بجٹ جو ہے، اس کی ڈیٹیلز ہمیں نہیں دی ہیں۔ ہم نے تین سالوں کی ڈیٹیلز مانگی تھیں، انہوں نے صرف ایک سال کی ڈیٹیل دی ہے جبکہ دو سالوں کی انہوں نے نہیں دی ہیں۔ دوسرا یہ ہے کہ یہ ان کی رقم، (الف) یہ دیکھیں جس میں سے 43.339 ملین روپے خرچ کئے جبکہ بقایا رقم واپس کر دی گئی، واپس کر دی گئی یعنی Lapse ہو گئی۔ یہ بتائیں کہ یہ Lapse کیوں ہوئی، کن وجوہات پر یہ Lapse ہو گئی ہے اور تیسری بات یہ ہے کہ انہوں نے Date بھی نہیں بتائی کہ یہ زمین کب خریدی گئی ہے اور اس کی

Cost کتنی تھی، کہ یہ اس وقت اگر زمین خریدی گئی تو آج قیمت اس کی کتنی ہوتی؟ یہ تو ان لوگوں کو بہت مہنگی پڑے گی، انہوں نے Date mention نہیں کی کہ کب یہ زمین خریدی گئی ہے؟

Mr. Speaker: Honourable Minister for Housing.

جناب محمد جاوید عباسی: سر، میرا اس میں ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: جی سوال نمبر؟

جناب محمد جاوید عباسی: ہاں جی۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ انہوں نے اپنا جو جواب دیا ہے، اس کا جو نمبر (vi) ہے جناب سپیکر، حویلیاں کا ذکر کیا ہے کہ وہاں جو 217 کنال سرکاری اراضی تھی جناب سپیکر، وہ اس مقصد کیلئے اس وقت نہیں دی گئی تھی کہ بعد میں اس کو پلاٹ کر کے، زمین فروخت کر کے اپنے من پسند لوگوں کو دے دیں بلکہ کسی خاص مقصد کیلئے جناب سپیکر وہ زمین دی گئی تھی۔ میں اس ہاؤس کی وساطت سے منسٹر صاحب سے، پہلے تو یہ پتہ کروں کہ منسٹر صاحب ہیں کون؟ کیونکہ ہمیں آج پتہ چل جائے کہ موجود بھی ہیں یا نہیں ہیں؟ اور اگر موجود ہوں تو کم از کم آج ہم منسٹر صاحب کو دیکھ لیں اور جب دیکھ لیں گے تو ہم یہ پوچھیں گے کہ یہ زمین اس Purpose کیلئے نہیں دی، آپ کس طرح اس کو Auction کر رہے ہیں اور لوگوں کو بھی بانٹ رہے ہیں جناب سپیکر؟

جناب سپیکر: جی ہاؤسنگ منسٹر صاحب، لیکن یہ پہلے بھی وزراء صاحبان سے گزارش کی گئی تھی کہ وہ ذرا اچھا جواب دے سکتے ہیں تو بڑی مجبوری کی حالت میں ان کو نہ آنا ہو تو ٹھیک ہے لیکن یہ ایک Routine میں بزنس نہ بنائی جائے۔ Ji, honourable Minister for Law on behalf of Minister for Housing.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): جی میں Agree کرتا ہوں اور منسٹرز کو کہ They should feel responsibility، ان کو آنا چاہیئے، یہاں پر جواب دینا چاہیئے۔ اگر کوئی مجبوری ہو تو ٹھیک ہے، پھر یہ Definitely اچھی بات ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ جواب اگر نہیں دیتے تو پھر۔۔۔۔

وزیر قانون: نہیں، وہ Available نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: اب یہ دیکھیں نا، پورے ہاؤس میں آپ دو تین منسٹرز صاحبان آئے ہیں تو یہی دو چار ہیں تو یہ زیادتی ہے۔

وزیر قانون: نہیں، اس کا اصولاً میں وہ کرتا ہوں لیکن یہ کافی، مطلب جواب بڑا تفصیلی ملا ہوا ہے، ان کو جی، اگر Incomplete ہوتا، میں خود بھی نہ Satisfy ہوتا تو شاید پھر، اس طرح ہے جی، نور سحر صاحبہ کا جو ضمنی سوال ہے کہ یہاں پر تین سالوں کا جو ترقیاتی پروگرام ہے، اس کا بجٹ جو ہے نا 158.677 ملین، یہ روپے تین سالوں کے ہیں اور یہ جو بقایا رہ گئے ہیں تو یہ Utilize نہیں ہو سکے لیکن یہ ہے کہ یہ پھر دوبارہ Next budget جب آ جاتے ہیں تو اسمیں یہ پیسے دوبارہ ڈیپارٹمنٹ کو ملتے ہیں اور پھر دوبارہ یہ لگ جاتے ہیں اور جہاں تک حویلیاں کی بات ہے تو اس طرح ہے جی کہ یہ نہیں ہوتا کہ گورنمنٹ کے ایمپلائز کیلئے یا سرکاری ملازمین کیلئے یا جنرل پبلک کیلئے ایک سکیم تیار کر دیں اور پھر مرضی سے دیدیں، مرضی کا تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا جی، ہر چیز کا Criteria ہوتا ہے، ہر چیز قانون کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر یہ ہم نے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ایک نئی سکیم دی ہے، اگر آپ کو اعتراض ہو کہ اس کی الاٹمنٹ میں کوئی پرابلم ہے تو اس وقت انشاء اللہ پھر اس کو Take up کریں گے لیکن یہ سچ ہے۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، انہوں نے ایڈورٹائزمنٹ شروع کر دی ہے، اگر مجھے منسٹر صاحب بتا دیں کہ یہ زمین کس Purpose پہ لی گئی تھی تو میں مطمئن ہو جاؤں گا۔ یہ Purpose ہی نہیں تھا جناب سپیکر، یہ تو نئی بات انہوں نے لے آئی بیچ میں، لہذا میری ریکویسٹ ہے کہ ان کے پاس متعلقہ انفارمیشن نہیں ہے۔ یہ ڈیفر کر دیں تاکہ جب ہاؤس میں منسٹر صاحب آ جائیں، وہ ہمیں Satisfy کریں کہ یہ حویلیاں کے اندر جو دو ڈھائی سو کنال زمین لی گئی تھی، وہ اس Purpose کیلئے نہیں تھی۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر، دا د پینډنګ کړے شي۔

وزیر قانون: چلے ٹھیک ہے، پینډنګ ئے کړئ۔

Mr. Speaker: This is kept pending. Next, Syed Qalb-e-Hassan.

* 1349 _ سید قلب حسن: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 09-2003 میں حکومت نے ضلع کوہاٹ میں سڑکوں کی تعمیر کیلئے فنڈز کی منظوری دی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو فنڈز کی تفصیل ہر سال کی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائے؟

جناب امجد خان آفریدی (وزیر برائے ہاؤسنگ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، گزشتہ حکومت نے مالی سال 2010-2003 کے دوران ضلع کوہاٹ کے جن سڑکوں کی تعمیر کیلئے فنڈز کی منظوری دی تھی، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

Syed Qalb-e-Hassan: No Sir, I am satisfied,

جناب سپیکر: شکریہ۔ نور سحر صاحبہ، کوسچن نمبر 3۔

* 03 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر ہاؤسنگ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ناساپا فلیٹس مرکزی حکومت سے خرید لئے ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بعض افسران کی نااہلی کی وجہ سے ناساپا فلیٹس خریدنے سے حکومت کو نقصان پہنچا ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) محکمہ نے مرکزی حکومت سے ناساپا فلیٹس کتنی قیمت پر اور کب خریدے، کون کونسی تاریخوں کو اقساط کی ادائیگی کی گئی ہے;

(2) جن افسران کی ناساپا فلیٹس کی خریداری کیلئے نامزدگی کی گئی تھی، ان کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے;

(3) مذکورہ فلیٹس پر کام کی رفتار اور جو رقم بقایا رہتی ہے، نیز کتنی رقم زیادہ ادا کی جائے گی، کی تفصیل فراہم کی جائے;

(4) جن نااہل افسران کی وجہ سے سرکار کو نقصان پہنچا ہے، ان کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امجد خان آفریدی (وزیر برائے ہاؤسنگ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی نہیں۔

(1) صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد صوبائی حکومت نے مرکزی حکومت سے ایک معاہدے کے تحت 'جیسے بھی ہیں' کی بنیاد پر 123.76 ملین روپے کی قیمت پر خرید کا معاہدہ 23-02-2005 کو کیا تھا۔ معاہدے کی رو سے اقساط کی ادائیگی مندرجہ ذیل تاریخوں کو کی گئی:

تاریخ ادائیگی	رقم	

ایڈوانس	50ملین	07-03-2005
پہلی قسط	18.50ملین	16-06-2005
دوسری قسط	18.50ملین	24-08-2005
تیسری قسط	18.377ملین	22-09-2006
کل	105.377 ملین	

جبکہ آخری قسط مبلغ 18.377 ملین روپے جس کی ادائیگی دسمبر 2004 تک کرنی تھی، روک لی گئی جبکہ مرکزی حکومت نے ادا شدہ رقم میں سے 16-04-2009 کو 14.738 ملین صوبائی حکومت کو واپس کر دی۔

(2) خریداری کیلئے معتمد انتظامیہ کے زیر صدارت محکمہ تعمیرات وخدمات، منصوبہ بندی وترقیات، خزانہ اور ادارہ تحفظ ماحولیات کے نمائندے شامل تھے جس کے تیار کردہ عبوری معاہدے کو صوبائی کابینہ کے اجلاس منعقدہ 16 مئی 2003 میں پیش کیا گیا۔ کابینہ کے ممبران پر مشتمل کمیٹی نے کئی اجلاس کے بعد 21-10-2004 کو اپنی سفارشات کابینہ کی منظوری کیلئے پیش کیں اور صوبائی حکومت نے 20-12-2004 کو اس کی منظوری دی۔

(3) مورخہ 17-02-2011 سے ناساپہ فلیٹس پر عدالتی حکم امتناعی ختم ہوا اور مورخہ 20-02-2011 سے مختلف بلاکس پر تیزی سے ترقیاتی کام جاری ہے۔ چونکہ کافی عرصہ کام بند ہونے کی وجہ سے ترقیاتی کام مکمل کرنے میں کچھ دشواریاں ممکن ہیں لیکن امید ہے کہ ان پر قابو پالیا جائے گا اور اگر دوبارہ کوئی روکاوٹ پیش نہ آئی تو عرصہ دو سال میں مذکورہ فلیٹس مکمل ہو جائیں گے، ان فلیٹس پر باقیماندہ لاگت کا تخمینہ تقریباً 200 ملین روپے ہے۔

(4) اوپر دی گئی تفصیل کی روشنی میں کسی قسم کی کارروائی کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: سر، اسمیں تو سپلیمنٹری کیا، یہ سارا کوسچن تین دفعہ اس Tenure میں فلور پہ آ چکا ہے، یہ تیسری دفعہ ہے اس کوسچن کا۔ دو دفعہ مجھے منسٹر صاحب نے ایشورنس دی تھی کہ اس کو میں کر لوں گا، اس کے بعد میں نے ان سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ رات گئی بات گئی، اب کوسچن کے بارے میں کیا پوچھنا ہے آپ نے؟ تو یہ گپ شپ لگا لیتے ہیں۔ سر، یہ اتنا اہم کوسچن ہے کہ 2005ء میں یہ اس طرح ناساپہ کا کیس لیا گیا تھا، صوبائی گورنمنٹ نے اس کی جو قسط ہے تو 80% انہوں نے ادا کی تھی جبکہ کام 20% ہو چکا

تھا،اس کے بعد اس کا پھر کام رہ گیا۔ انہوں نے یہ اتنی تکلیف نہیں کی کہ کام کو دیکھے بغیر اس کی قسط ادا کرتے گئے۔ جن کی ذمہ داری تھی، جن افسران کی ذمہ داری تھی، ان کو چاہیئے تھا کہ کام کو چیک کر کے یہ Payment کرتے، انہوں نے 80% Payment کی تھی جبکہ کام 20% ہوا تھا۔ اب دوبارہ اس پر جب کام شروع ہو گیا تو یہ دو کروڑ کی بجائے اب تیس کروڑ دیں گے تو یہ اتنا ہمارا غریب صوبہ ہے، اس پر اتنا بڑا خسارہ کیوں آیا؟ انہوں نے نہ ذمہ دار افسران کا نام اس میں لکھا ہے اور نہ اس کی تفصیل فراہم کی ہے کہ اس کی وجہ کیا تھی کہ اس کو اس طرح کیا ہے؟ سر، اس کو تو میں کہتی ہوں کہ کمیٹی کو ریفر کر دیں تاکہ اس کی وہاں سب ڈیٹیل معلوم ہو سکے۔ تین دفعہ یہ کوسچن آ چکا ہے، اس کا ابھی تک کوئی جواب مجھے صحیح نہیں ملا۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی ثاقب اللہ خان، پلیز۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> زه خو سر، دا لږ به Clarify کومه چه دا کوئسچن نمبر 2 دے که کوئسچن نمبر 3 دے ؟

<u>Mr. Speaker:</u> Three, three.

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> دا 2 هم دے ، بنه سر۔ دیکښے جی دا کوئسچن نمبر 3 کښے دا جز سیکنډ (ب)جواب کښے لکیر نمبر1 چه دے ، په هغے کښے دوئ وائی چه "جبکہ آخری قسط مبلغ 18.377 ملین روپے جس کی ادائیگی دسمبر 2004ء تک کرنی تھی، روک لی گئی" سر زما سوال دا دے چه دا ئے ولے اودرولو، Why was this stopped؟

<u>Mr. Speaker:</u> Honourable Minister for Law on behalf of Housing Minister.

<u>وزیر قانون:</u> اس طرح ہے جی کہ یہ اگر تفصیل سے پڑھ لیں تو یہ Litigation میں تھے اور 17-02-2011 تک اس کے اوپر Stay orders تھے تو اس لحاظ سے جب Stay order ہوتا ہے تو پھر نہ Payment کی جا سکتی ہے اور نہ لی جا سکتی ہے، پھر بیچ میں کورٹس کے مختلف اس میں آرڈرز آتے رہے، کیس کے دوران جس کی وجہ سے مرکز نے کچھ پیسے جو ادا شدہ تھے، وہ واپس کئے ہیں اور میرے خیال سے کافی تفصیلی اس میں وہ ہے اور جہاں تک افسروں کی نامزدگی کی بات ہے تو یہ اسی ڈیپارٹمنٹ کے افسر نہیں ہیں بلکہ مختلف، فنانس ڈیپارٹمنٹ ہو گیا، انوائرونمنٹ ڈیپارٹمنٹ، پانچ چھ ڈیپارٹمنٹس کے سینیئر لیول کے جو آفیسرز، گریڈ 19 کے آفیسرز جو ہیں، سب نے مل کر یہ فیصلہ کیا اور بڑی اچھی Acquisition ہے فیڈرل گورنمنٹ سے، تو As such تو مجھے اس میں کوئی۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں Asset تو بہت بڑا اچھا ہے لیکن Delayed بہت ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! اس کے بارے میں کابینہ نے اور صوبائی حکومت نے 20-12-2004 کو اس کی منظوری دی ہے اور حکم امتناعی 2011ء میں جاری ہوا ہے، یہ سات سال میں کیا Progress تھی؟

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر، یو سپلیمنټری سوال دے۔

جناب سپیکر: جی، ثاقب اللہ خان صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زما چه کوم مقصد دے چه دا ولے دغه کوی؟ د هغے کوئسچن دا نه دے چه مسئله څه وه سر چه د هغے د وجے نه Stay ملاؤ شوه؟ هغه مسئله مونږ ته Identify شی چه Why که Even stay ورته ملاؤ شوے دے، څنګه چه مشر خبره اوکړه چه شپږ اووه کاله خو مینځ کښے هم تیر شوی وو خو Why was stay granted چه کورټ ته خلق ولے لاړل سر؟

جناب سپیکر: جی دیکښے څه پرابلم وو، اووه کاله ولے دا Delay شوے دے، کوم ایشو باندے دا Stay وه؟

وزیر قانون: یو خو دا ده جی، تر څو پورے چه د عبدالاکبر خان صاحب سوال دے، دا Stay vacate شوے په 17-02-2011 ده او دے باندے Continuously litigation راروان وو، That I don't have any information نو که دا پینډنګ ساتئ چه یره کوم وجوهات باندے Stay grant شوے وه، دے وخت کښے ما سره دغه نشته نو که دا پینډنګ اوساتئ۔

Mr. Speaker: This is kept pending; this question is also kept pending. او منسټر هاؤسنګ به خامخا په دغه ورځ باندے وی چه د دے جواب هغوی ورکړی۔ جی نور سحر بی بی، Again۔

* 15 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) رستم مردان سے امبیلہ بونیر تک روڈ کی منظوری دی جا چکی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ روڈ کیلئے ٹینڈرز کب طلب کئے گئے، نیز مذکورہ روڈ پر کام کس حد تک مکمل کیا گیا اور کتنا کام تا حال باقی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) مذکورہ روڈ پر 15-11-2008 کو ٹینڈر طلب کر کے مورخہ 23-12-2008 کو کام شروع کیا گیا اور مدت تکمیل 18 ماہ کے اندر جون 2010 میں کام مکمل کیا گیا، کام کی کل تخمینہ لاگت 149.634 ملین ہے۔

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ نور سحر: سر، اس سے میں Satisfy ہوں اور یہ روڈ مکمل ہو چکی ہے لیکن تھوڑی بہت یہ بارش کی وجہ سے خراب ہے تاکہ اس کو دوبارہ Repair کر لیں تو اچھا ہوگا۔

جناب سپیکر: جی، تھینک یو۔ مفتی کفایت اللہ صاحب۔ دا ممبر صاحب پہ چھٹئ دے، اس نے اجازت بھی مانگی ہے So this is also deferred۔ مفتی کفایت اللہ صاحب کے دونوں، بلکہ تین ہیں ان کے سوال، منسٹر بھی نہیں ہیں تو تینوں کو کسچنز ڈیفر کئے جاتے ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، ذرا اس کی طرف آتے ہیں۔ یو منٹ جی، دا ھاؤس چہ Complete شی، دا چھٹیانے او کڑو نو چہ ھاؤس Complete شی، بیا جی۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں: راجہ فیصل زمان صاحب 22 اپریل 2011 کیلئے؛ سمیع اللہ خان علیزئی صاحب 22 اپریل تا 22 مئی 2011؛ محمد علی شاہ باچا 22 اپریل 2011 کیلئے؛ انور خان صاحب 22 اپریل 2011 کیلئے؛ مفتی کفایت اللہ صاحب 22 اپریل 2011 کیلئے۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted. Ji, Israrullah Khan, first.

مختصر، مختصر کوئ چہ تو لو تہ موقع ملاویږی جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، ایک ایشو اسمبلی سیکرٹریٹ سے متعلق ہے کہ آج بھی ہمارے ڈیسک پہ ریزولیوشنز پڑی ہوئی ہیں جو کہ پرائیویٹ ممبر ڈے پہ Take up کی جا سکتی ہیں۔ اس طریقے سے ہمارے جو بلز ہیں، وہ بھی پڑے ہوئے ہیں تو سر چونکہ یہ پرائیویٹ ممبر ڈے نہیں آ رہا، میری آپ سے گزارش ہے کہ اگر لاء منسٹر صاحب بھی Agree کریں کہ جو Monday آ رہا ہے، اس کو ہم As a Private Member day لے لیں تاکہ یہ جو پینڈنگ بزنس ہے، یہ آ گے آ سکے اور اس پہ کام ہو سکے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں بھی اس کی تائید کرتا ہوں اور جیسے کہ اسرار خان نے کہا کہ ہفتے میں ایک دن ہوتا ہے-----

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: ہفتے میں ایک دن جو وہ مختص ہوتا ہے Thursday کو، وہ پرائیویٹ ممبر ڈے کیلئے ہوتا ہے جس میں ہماری ریزولیوشنز اور پرائیویٹ ممبرز بلز آتے ہیں لیکن گزشتہ دو ہفتوں سے Thursday کو اجلاس نہیں ہوتا تو ہماری آپ سے درخواست ہے کہ اگر آپ اس Monday کو پرائیویٹ ممبر ڈے کرلیں تو مہربانی ہوگی۔

جناب سپیکر: یہ ٹھیک ہے، دو پرائیویٹ ممبر ڈے چھٹی کی وجہ سے ہم نہیں کر سکے ہیں، ہاؤس سے پوچھ لیتے ہیں۔

Is it the desire of the House that Monday, 25^{th} April may be considered as Private Member day? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it; 25^{th} April will be Private Member day.

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you, Janab Speaker.

جناب سپیکر: سید قلب حسن صاحب، مختصر مختصر جی۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر، میں نے مختلف محکموں کے متعلق سوالات کئے ہیں لیکن معلوم نہیں کہ کیا بات ہے کہ یہ سوالات ڈیپارٹمنٹس کو نہیں بھیج رہے یا ڈیپارٹمنٹس جواب نہیں دے رہے یا ہم سے کچھ ناراضگی ہے، وہ ذرا Kindly ہمیں بتائی جائے جی۔

جناب سپیکر: نہیں، سوال نمبر ذرا لکھ کر مجھے بھیج دیں جی-----

سید قلب حسن: ٹھیک ہے، میں بھیج دوں گا۔

جناب سپیکر: کہ آپ کے کونسے سوال ہیں؟ جی محمد علی خان، فرسٹ۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر، ډیره مهربانی۔ سپیکر صاحب، په دریا کابل کښې تاسو ته پته ده چه زمونږ او ستاسو مینځ کښې هغه بهیږی، نن سبا هغې کښې او به بیا زیاتې شوی دی۔ مخکښې په تیر شوی 22 تاریخ باندې پی سی ون تیار کړې شوې دې، ډائریکټوریټ ته راغلې دې، هلته Protection wall جوړولو د پاره خو اوس هغوی سره سټاف نشته، هغه څه وجوهات دی، یو

میاشت او شوله چه څوک نه راځی چه د هغه پی سی ون Approval ورکړی، هغه موقع چیک کړی او ورئے کړی؟

جناب سپیکر: منسٹر اریگیشن، یہ چونکہ آپ Suddenly ایک ایشو اٹھارہے ہیں تو منسٹر اریگیشن نہیں ہیں، جب وہ ادھر موجود ہوں تو Kindly اس دن آپ اس کو اٹھائیں۔ Important issue ہے، Important issue ہے۔

جناب محمد علی خان: ٹهیک ده جی۔ سپیکر صاحب، مسئله دا ده چه هلته اوس اوبه زیاتے شوی دی او کورونه او ادیره هم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی کوئی جواب دینے کی پوزیشن۔۔۔۔۔

جناب محمد علی خان: تاسو پکښے انټرسټ واخلئ جی، خیر دے تاسو پکښے انټرسټ واخلئ جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر۔

سردار شمعون یار خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: منسٹر اریگیشن پلیز 25^{th} پر ضرور اس بات کا جواب دے دیں گے جی۔(حاجی قلندر خان لودھی رکن صوبائی اسمبلی سے) ایک منٹ جی، ایک منٹ، وہ چھوٹے سردار صاحب کھڑے ہیں، خیر ہے ان کو پہلے۔ جی سردار صاحب، ایک ایک منٹ، ایک ایک منٹ سے زیادہ نہیں جی۔

سردار شمعون یار خان: شکریہ جناب سپیکر۔ پہلے بھی اس بارے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آج جمعہ کا مبارک دن ہے جی، اس کے تقدس کا خیال رکھنا چاہیئے۔

سردار شمعون یار خان: جی بالکل، شکریہ آپ کا۔ یہ پہلے بھی اس موضوع پہ بات ہوئی ہے، بحث بھی ہوئی ہے، آپ نے ڈائریکشنز بھی یہاں سے ایشو کی تھیں کہ ہیلتھ منسٹر جو ہیں، وہ ایوان میں آجائیں اور ایک بہت ہی Important issue ہے ایبٹ آباد کا، کمپلکس کے حوالے سے، اس میں ہمیں وہ تھوڑا بتادیں کہ آیا وہ اس کو بہتر کرنا چاہ رہے ہیں؟

جناب سپیکر: پیر کے دن، پیر، On Monday۔ سردار صاحب! On Monday، Monday پر وہ ان کی ایشورنس کریں گے جی۔ لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر، آپ نے مجھے اجازت دی۔

جناب سپیکر: آج آپ کے مہمان زیادہ آئے ہیں، مجھے پتہ ہے کہ ہزارہ میں کیوں دلچسپی بڑھی ہوئی ہے؟ جی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: بڑی مہربانی جناب۔ جناب سپیکر، میں پہلے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے جو آج جس پر جوش طریقے سے ویلکم کیا، میرے میڈیا کے دوستوں کو جو کہ ہزارہ سے، خصوصاً ایبٹ آباد سے آئے ہیں اور پھر آپ نے جو پیاری پیاری باتیں کیں اور پھر میرے صوبہ ہزارہ کی بات کو بھی آپ نے Highlight کیا۔ جناب سپیکر، یہاں اس کے ساتھ میرا ایک بڑا ایشو ہے جس کو میں 07 اپریل کو لایا تھا، پھر اس کے بعد Next day پر میرے بھائی آنریبل منسٹر صاحب نے اس کو کال اٹنشن پر لایا ہے لیکن چونکہ آج نہ مجھے فنانس منسٹر نظر آتے ہیں اور نہ ہیلتھ منسٹر نظر آتے ہیں تو میرا خیال ہے کہ شاید اس کو تو آج پھر پینڈنگ کریں گے، کال اٹنشن کو، تو میں آپ کو یہ بتاتا ہوں کہ یہ میرے پاس جو پیپرز ہیں (پیپر دکھاتے ہوئے) یہ آئے چیف ایگزیکٹیو ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد کی طرف سے کہ اڑتیس لاکھ روپیہ Per month جو لوگ ڈیلی ویجز پر انہوں نے رکھے ہوئے تھے، جو ہمارے کہنے پر نہیں رکھے، انہوں نے خود رکھے تھے، وہ چار سو آدمی اس لسٹ میں ہیں تو اس پر Per month اڑتیس لاکھ روپے ہیں جس کیلئے میں نے 07 اپریل کو چیف منسٹر سے بات کی تھی اور کل دوبارہ پھر میں چیف منسٹر سے ملا ہوں۔ انہوں نے پوری ایشورنس دے دی ہے کہ میں نے فنانس والوں کو کہہ دیا ہے کہ ان کو Payment کی جائے، گرانٹ دی جائے لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ میں پھر ہیلتھ سیکرٹری کے پاس بھی گیا ہوں، اس کو میں نے کہا تو اس نے کہا کہ آپ کا کیس فنانس کو بھیج دیا ہے لیکن اس پر آپ کی طرف سے بھی ایشورنس چاہتے ہیں کہ متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو کہیں کہ ان کو جلد از جلد کرے کہ ان لوگوں کے چولہے بند ہو گئے ہیں جی، ان کو Payment ہو جائے جی۔

جناب سپیکر: Monday تک اس ایشوز کو جو ہیلتھ سے Related ہیں، اگر آپ سب اس کو پینڈنگ رکھیں تو ہیلتھ منسٹر کو، لاء منسٹر صاحب، لاء منسٹر صاحب ہیلتھ منسٹر صاحب کو Monday کیلئے ضرور۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں جناب، جب یہ بات یہاں آ گئی ہے تو اس پر آج بات ہو سکتی ہے کیونکہ یہ بے حد ضروری مسئلہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، Monday، Monday، Monday کیلئے ان کی ادھر حاضری Sure کروادیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ انتہائی اہم نوعیت کا مسئلہ ہے، اس پر آج بات ہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر: بس اس پہ ایک دفعہ رولنگ آچکی ہے تو اس پہ مزید میرے خیال میں کہنے کی گنجائش نہیں رہتی۔ پیر صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی؟

جناب محمد جاوید عباسی: وزیر صاحب آتے نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: ہیلتھ منسٹر Monday کو ضرور حاضر ہو جائیں گے۔

جناب محمد جاوید عباسی: اس پر آپ کی رولنگ چاہیئے۔

جناب سپیکر: وہ ہو گئی جی، رولنگ ہو گئی جی، رولنگ دے دی ہے۔ جی پیر صاحب، پیر صاحب، مختصر، مختصر۔

سید محمد صابر شاہ: جناب، یہ میرا ایک کال اٹینشن نوٹس ہے۔

جناب سپیکر: ابھی نہیں، ابھی وہ دوسرا، وہ تو موقع آنے پر لے لیں گے۔

سید محمد صابر شاہ: جمعہ کا دن ہے جی، اپنے ایجنڈے کو ذرا آگے بڑھائیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی ستار خان، ستار خان۔ ایک منٹ۔

سید محمد صابر شاہ: کیونکہ پوائنٹ آرڈر میں بڑا وقت ضائع ہو رہا ہے جی، جمعہ کا دن بھی ہے۔

جناب سپیکر: تو یہ مجھے لکھ کے دے دیں نا۔

سید محمد صابر شاہ: جی؟

جناب سپیکر: کال اٹینشن مجھے بھیج دیں۔

سید محمد صابر شاہ: آپ کے سامنے پڑا ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، ابھی آ رہا ہے، آپ کا آ رہا ہے، آپ کا آ رہا ہے۔ وقت ضائع ہو رہا ہے، آپ کی بات صحیح ہے جی، بہت وقت ضائع کر رہے ہیں، میرے دوست ہیں کیا کریں ہم؟ اصل میں میرے ہزارہ کے جرنلسٹس آئے ہیں تو ہزارہ کا جو بھی ممبر صاحب ہے، وہ اپنی ضرورت۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، بات یہ ہے کہ پوائنٹ آف آرڈر پر بہت سے اہم مسئلے پیش ہوتے ہیں اس لئے پوائنٹ آف آرڈر پہ جب بات ہوتی ہے، کال اٹینشنز بھی آ جاتے ہیں، کوئسچنز بھی آ جاتے

ہیں لیکن پوائنٹ آف آرڈرز وہ ہوتے ہیں جو Urgent matter کے مسئلے ہوتے ہیں، وہ سامنے آتے ہیں اس لئے کرتے ہیں۔

Mr. Abdul Sattar Khan: Point of order, Sir.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: اجازت دے جی؟

جناب سپیکر: ثاقب اللہ خان! اودریږه دا ستار خان مے اودرولے دے، دوئ پسے به یئ جی۔

جناب سپیکر: جی ستار خان! پاڅه، ستار خان! پاڅه۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان کو دے دیا ہے جی، فلور دے دیا ہے۔ جی ستار خان، آپ کریں، آپ کریں۔ ستار خان، آپ کو فلور دے دیا ہے، ان کی مروت میں نہ آئیں۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، میں آپ کا مشکور ہوں، چونکہ وقت بھی مختصر ہے اور ہم پوائنٹ آف آرڈر پہ آپ کا ٹائم لے رہے ہیں، میں آج اس حوالے سے، آپ نے چونکہ اشارہ بھی دیا کہ ہمارے ہزارے سے ہمارے ساتھی آئے ہوئے ہیں، میں ان کو ویلکم بھی کہتا ہوں اپنی طرف سے اور پورے ہاؤس کی طرف سے بھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پوائنٹ آف آرڈر پہ آجائیں۔

جناب عبدالستار خان: میں آج ایک معمولی نکتہ مختصر انداز میں اس پورے ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ اس وقت جو پورے ضلع کوہستان میں بھاشا ڈیم کے حوالے سے ایک بات سامنے آئی ہے جس میں پرائم منسٹر صاحب بھی آرہے ہیں ادھر اور گلگت بلتستان کی پوری گورنمنٹ، ان کی Representation، ان کی پوری جوڈیشری، ان کی کمیونٹی، پوری پبلک ایک طرف سے فریق بنی ہے اور جن کی تمام زمینوں کی Payment، ان کی ادائیگی ہوگئی ہے۔ اس پہ میں نے جناب سپیکر، آپ کو ایک کال اٹینشن نوٹس بھی Submit کیا تھا لیکن وہ افسوس کہ مجھے آیا نہیں اور کوہستان کی جو 1493 کنال زمین اس وقت کالونی کیلئے واپڈا نے لی ہے، آج تک ایک پیسہ اس کا وصول نہیں ہوا، یہ ہمارے ریونیو ڈیپارٹمنٹ کی ایک بہت بڑی غفلت ہے۔ اس وقت ہماری پوری گورنمنٹ، ہمارا ہاؤس اس بھاشا ڈیم پر، میں نے تین چار بار اسمبلی کے فلور پر بات کی ہے جی، ہم نے اپنے مستقبل کے مفاد کے حوالے سے صوبے کا کیس اس پر نہیں لڑا ہے،

یہ بہت بڑی خطرناک بات ہے،اس حوالے سے میں گزارش کرونگا،ایک تو یہ کہ اس سے ہمارے صوبے کے بہت بڑے مفادات ہیں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی مختصر کریں،پوائنٹ آف آرڈر پہ آجائیں۔

جناب عبدالستار خان: مختصر کرتا ہوں لیکن بات جامع ہے سر۔ مستقبل کے حوالے سے ہماری لاعلمی کا مسئلہ ہے اور یہ ہمارے صوبے کے حقوق اور بلتستان کے حقوق کی بات ہے اور باؤنڈری کمیشن جو کہ پرویز مشرف نے بنایا ہے، یہ ہمارے صوبے کے خلاف ایک بات ہے،اس پہ ہمارا کیس ہے،ابھی ہم نے اس کو لڑنا ہے۔ میرے خیال میں اس وقت ہماری صوبائی گورنمنٹ، ہمارا ہاؤس بلکہ میں کہونگا کہ ہماری پریس، ہماری پوری کمیونٹی اور ہمارے لوگ اس مسئلے کو Light لے رہے ہیں جو کہ ایک بہت بڑی، میں کہتا ہوں، کمی ہو گی ہمارے اس صوبے کے ساتھ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

جناب عبدالستار خان: لہذا میں کہتا ہوں کہ اس سلسلے میں بات کلیئر کرنے کی ضرورت ہے۔

Mr. Speaker: Revenue Minister; honourable Revenue Minister.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! زما هم یو خبره ده په دے باندے ، د هغے نه پس د ریونیو منسٹر خبرے او کړی۔

جناب سپیکر: نو په دے باندے به ډیر لوئے ډیبیټ شروع شی جی۔

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ(وزیر مال): صحیح بات ہے، سر۔

جناب سپیکر: جی آپ جواب دے دیں ذرا، ریونیو منسٹر صاحب۔

وزیر مال: سر جو انہوں نے یہ پوائنٹ اٹھایا ہے، میں انشاء اللہ ان کے ساتھ Monday کے بعد بیٹھتا ہوں کیونکہ ایس ایم بی آرہیں نہیں، ہم ریکارڈ منگوا لیتے ہیں،انشاء اللہ ان کی پوری تسلی کریں گے اور جو بھی سرحد کے متعلق، ہمارے خیبر پختونخوا کے رقبے کی جو بات ہو گی، ہم اس میں ان کے ساتھ ہونگے،اپنے حقوق کسی کو نہیں دیں گے انشاء اللہ۔

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! زما ریکویسټ به ټول هاؤس ته دا وی چه په دے باندے یو ریزولیوشن مونږ پاس کړو چه مشرف کوم باؤنډری کمیشن جوړ کړے دے چه دا مونږه مسترد کړو جی۔

جناب سپیکر: Monday باندے راوړئ جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ولے دا مشرف د خپل دغه کړے دے؟ داخو چه مونږ مسترد کړو۔

جناب سپیکر: Mondayباندے راوړئ۔ اکرم خان درانی صاحب۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اودریږئ دا دوئ له مے فلور ورکړو۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، تاسو ډیره مننه۔ سپیکر صاحب، ایک جو کہ بہت اہم مسئلہ ہے، وہ آپ کے توسط سے گورنمنٹ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ یہاں پر پورے ہاؤس کی Recommendation اور یہاں پر جتنے بھی ایم پی ایز ہیں اور اس میں آپ کی کاوش بھی شامل تھی، ہمارے صوبے میں جو کوآپریٹو بینک تھا، وہ بحال ہوا اور ابھی اس کا جی ایم بھی بحال ہوا ہے اور رجسٹرار بھی بحال ہوا ہے لیکن باقی اس کے نیچے جو عملہ ہے، وہ پریشانی کے حال میں ہے اور ابھی مجھے کوئی ایسی Hurdle بھی نظر نہیں آرہی کہ کونسی وجہ ہے کہ ابھی وہ کام شروع نہیں کر رہے ہیں تو اس کے جتنے بھی ایمپلائز ہیں، ان میں بڑی بے چینی ہے اور صبح بھی اس کے جو صوبائی صدر ہیں اور اس کی جو باڈی ہے، وہ صبح میرے گھر پر آئے تھے اور یہی بات کر رہے تھے کہ ابھی چونکہ اس میں کوئی ایسی رکاوٹ والی بات نہیں ہے، صرف گورنمنٹ کی توجہ چاہیئے کہ اس کو Expedite کرے۔ اگر تھوڑی بہت اس میں کوئی کمی بیشی ہے تو وہ بینک بھی کام شروع کرے کیونکہ اس گورنمنٹ کا بہت ہی اچھا فیصلہ ہے اور ایک اچھے فیصلے میں اگر اتنی دیر ہو جائے تو اس کی وہ اہمیت ختم ہو جاتی ہے، تو مجھے میرے خیال میں میاں افتخار صاحب جواب دیں گے تو میں ان سے یہی گزارش کرونگا کہ وہ کوئی ایسا مثبت جواب دے دیں، کچھ جلدی میں اس کا کوئی حل نکالیں کہ ان ایمپلائز کی پریشانی بھی ختم ہو جائے اور دوسرا میں نے موبائل بندش کی بات کی تھی بنوں اور لکی میں، میاں صاحب نے مجھے دو دن دیئے تھے، میرے خیال میں ہفتہ گزر گیا تو میں ابھی اسکے بارے میں بھی میاں صاحب کی زبان سے کوئی اچھی خبر سننے کی خواہش رکھتا ہوں کہ وہ بھی کوئی اچھی خبر آج یہاں اس ایوان میں لائیں کہ اس بندش کو بھی ختم کریں، تو یہ دو بڑی اہم باتیں تھیں، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں سپیکر صاحب اور اس میں آپ کی بہت کاوش ہے اس کوآپریٹو بینک میں۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ یہ جہاں تک کوآپریٹو بینک کا تعلق ہے تو آج حاجی ہدایت اللہ خان نہیں ہیں تو یہ میرے خیال میں Best ہو گا کہ Monday پر ہم اس کو اٹھائیں گے، یہ بہت ضروری ہے۔ حاجی ہدایت اللہ خان صاحب کو ذرا وہ کر لیں کہ وہ Monday کو ضرور، اس پہ گورنمنٹ کی طرف سے جو پیش رفت ہوئی ہے، یہ چونکہ اچانک ہاؤس میں (بات) آ گئی ہے تو گورنمنٹ Prepare نہیں ہو گی اس کیلئے البتہ میاں افتخار حسین صاحب جو ہیں، وہ موبائل بندش پہ بات کر سکتے ہیں۔ میاں افتخار حسین صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ سب سے پہلے تو میں ہزارہ کے ساتھی جو یہاں پہ پریس سے تعلق رکھتے ہیں، آئے ہیں، ان کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ کوآپریٹو بینک کے حوالے سے آپ نے چونکہ رولنگ بھی دے دی اور اس سے قبل بھی وزیر صاحب یہاں پہ اسمبلی میں سب کچھ کہہ گئے ہیں، بحال ہوا ہے اور اس سے منسلک جو یہاں پہ کام کرنے والے ساتھی ہیں، چونکہ ان کو بھی فارغ کیا گیا تھا، اب دوبارہ ان کو لینے کیلئے ایک طریقہ کار ہو گا اور اس طریقہ کار کے تحت جو بھی ضرورت کے تحت ہمیں جن لوگوں کی ضرورت ہو گی، ان ہی میں سے لوگوں کو لینا ہے اور اس کیلئے انہوں نے اپنا کام جاری کیا ہوا ہے۔ جب یہ بینک Full fledge اپنا کام شروع کریگا تو ان ہی لوگوں میں سے اپنے کام کے بندوں کو فعال کرنے کیلئے دوبارہ سر ان کو لیں گے، البتہ اکرم درانی صاحب کو یہ ضرور یقین دلاتے ہیں کہ ان کے پاس جو ملاقات کیلئے آئے تھے، وہ اگر وزیر صاحب سے بھی ملاقات کر لیں تو بہت کچھ جو ان کے خدشات ہیں، وہ دور ہو جائیں گے اور خود بھی چاہتے ہیں کہ ان کے خدشات دور ہوں۔ بنوں کے موبائل کے حوالے سے جو بات کی گئی ہے، میں نے وزیر اعلیٰ صاحب سے کہہ دیا ہے اور وزیر اعلیٰ صاحب نے از خود اس کا نوٹس بھی لیا ہے اور آپ لوگوں کو پتہ بھی ہے کہ کچھ باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ رپورٹ آئی بھی ہے کہ جب سارے صوبے میں موبائل پہ پابندی نہیں ہے تو بنوں میں بھی پابندی ہٹانی چاہیئے، تھوڑی بہت ہمیں ضرورت ہے کہ ہم مزید اس کے حوالے سے معلومات حاصل کریں تو وزیر اعلیٰ صاحب از خود، یہاں پر موبائل پہ جو پابندی ہے، اسے ہٹانے کا اعلان کریں گے۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Dr. Iqbal Din Fana Sahib, to please move his------

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: وروستو راروان دے جی۔ اودریرہ جی، دوئ پسے ،اقبال دین فنا پسے۔ Dr. Iqbal Din Fana Sahib first, move call attention No. 4543

ڈاکٹر اقبال دین: مہربانی، سپیکر صاحب۔یہ کالج کے 165 لیکچررز کی گریڈ 17 سے 18 کو پروموشن کا مسئلہ تھا اور اس پر گورنمنٹ نے نوٹس لے لیا ہے اور میری معلومات کے مطابق سی ایم صاحب نے اس سمری پر دستخط ثبت فرمادیئے ہیں تو اس لئے میں سی ایم صاحب کا اور منسٹر ہائر ایجوکیشن کا اور پوری گورنمنٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔مہربانی۔

جناب سپیکر: بہت اچھی خبر ہے، تھینک یو جی۔سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔ اسی طرح اچھی خبریں دیا کریں ہاؤس میں تاکہ تھوڑی Positive چیز بھی نظر آئے۔جی سردار صاحب، کال اٹینشن نوٹس نمبر 549۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ ہر ماہ تمام صوبائی ملازمین سے بینوولنٹ فنڈ کی مد میں پیسے کاٹ لئے جاتے ہیں، گزشتہ حکومت نے کوہاٹ روڈ پر سرکاری ملازمین کیلئے بینوولنٹ پبلک سکول تعمیر کیا جس کی عمارت بھی سرکاری ہے، تمام ملازمین کے بچوں سے آدھی فیس اور ایڈمشن بھی آدھا لیا جارہا تھا لیکن اب نئی تعلیمی سال 2011 سے تمام ملازمین کے بچوں سے Full fees اور ایڈمشن کی مد میں بھی مکمل چارجز لئے جارہے ہیں جس کی وجہ سے تمام سرکاری ملازمین میں بے چینی پائی جاتی ہے۔

جناب سپیکر: جی، کون جواب دے گا جی؟ آنریبل لاء منسٹر صاحب، کال اٹینشن نوٹس، ایڈمنسٹریشن سے تعلق ہے اس کا۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): 'سوری' جی، میں تھوڑا۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ میں اسی لئے آپ لوگوں کو جو بار بار تاکید کرتا ہوں کہ ایسی ضروری چیزوں کے دوران اگر ہم آپس میں وہ نہ کیا کریں تو Full attention آپ کی پروسیڈنگز کی طرف ہوگی۔

وزیر قانون: سر، انہوں نے بات کی ہے ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے، اس طرح ہے جی کہ چونکہ یہ ادارہ جو ہے، بنوولنٹ فنڈ کا ادارہ جو ہے، یہ ایمپلائز اور ایکس ایمپلائز بھی اور پھر ان کے بچوں، ان کے فیملیز کی فلاح و بہبود کیلئے بنا ہوا ہے، پورے صوبے کے یعنی Serving employees اور جو Former employees ہیں، ان سے جو Full fee ابھی چارج کررہا ہے، یہ بورڈ سے

Independent ہوتا ہے، گورنمنٹ کی اس میں ایک آدھ Representation ہوتی ہے لیکن کنٹرول گورنمنٹ کا As such نہیں ہوتا کیونکہ اٹانومی دی ہوئی ہے لیجسلیشن کے ذریعے سے اس کو، دوسری بات یہ ہے کہ یہ جو Full fee بھی ہے، وہ بھی Nominal ہے، مطلب یہ کہ اگر مکمل چارج کریں Admission fee یا Full fee تو یہ بھی بہت Nominal ہے، آپ اگر ان کا وہ فیس سٹرکچر دیکھ لیں تو یہ یعنی بالکل Affordable ہے، For any body تو یہ گزارش ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ Nominal کتنی ہے، لاء منسٹر صاحب! کتنی Nominal ہے؟

وزیر قانون: اصل میں مسئلہ یوں ہے جی کہ یہ مجھے صبح ملا ہے، اگر مجھے ایک دن پہلے یہ بھجوا دیا جائے، میں نے اس میں سٹاف کو بھی کہہ دیا ہے کہ یہاں سے ایک دن پہلے Collect کر لیا جائے۔ یہ مہربانی ہو گی مجھے ایک دن پہلے ملے تو میں انفارمیشن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ڈیپارٹمنٹ کیوں آنریبل منسٹر صاحب کو اتنی دیر سے انفارمیشن صبح صبح دیتا ہے؟

وزیر قانون: ابھی، بلکہ ایڈمنسٹریشن والوں کو تو شاید پتہ بھی نہیں تھا لیکن یہ ہے کہ اگر مجھے ایک دن پہلے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ بہت پہلے ان کو بھیجا جا چکا ہے اسمبلی سیکرٹریٹ سے، آپ کو انہوں نے Late دیا ہے، ان کو انسٹرکشن دی جاتی ہے کہ منسٹر صاحبان کو کم از کم ایک دن پہلے دیا کریں، دو دن پہلے۔

وزیر قانون: جی، جی۔ میں نے ابھی بلایا ہے ان کو، وہ آئیں گے، میں پھر ایم پی اے صاحب کو مکمل تفصیلات بھی دے دونگا، انشاء اللہ ان کو Satisfy کر دونگا۔

جناب سپیکر: حالانکہ کال اٹنشن کی یہ روایت رہی ہے اور یہ رولز میں بھی ہے کہ وہ ایک گھنٹہ پہلے آپ کو Brief ضرور کیا کریں۔ جی، بس نلوٹھا صاحب، یہ تو۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! اس میں میری عرض یہ ہے سر کہ غریب سرکاری ملازمین کے بچوں کے بینوولنٹ فنڈ سے، یہ سابقہ حکومت میں یہ سکول قائم ہوا تھا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: This is kept pending، اس کو پینڈنگ رکھتے ہیں کیونکہ وہ منسٹر صاحب کو پوری انفارمیشن نہیں ہے اس کی۔ This is kept pending، وہ جب انفارمیشن پوری لے لیں گے تو پھر آپ کو اس کا جواب مل جائیگا۔ Pir Sahib; honorable Pir Syed Muhammad Sabir Shah Sahib, to please move his call attention notice No. 558.

سید محمد صابر شاہ: شکریہ، جناب سپیکر۔ کال اٹینشن نوٹس پہ بات کرنے سے پہلے میں، یہاں ہمارے ایبٹ آباد پریس کلب کے ہمارے صحافی حضرات یہاں پر تشریف لائیں ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ میں انہیں خراج تحسین بھی پیش کروں، خوش آمدید بھی کہتا ہوں کیونکہ ہزارہ پریس نے ہمارے ہزارہ کی محرومیوں، ہمارے مسائل اور ہماری مشکلات کیلئے جس تندہی کے ساتھ ہمیشہ آواز اٹھائی ہے اور ایک قلم کا حق، کہ ایک قلمکار کے ہاتھ میں اللہ تعالیٰ نے یہ جو قلم دیا ہوتا ہے، اس حق کو انہوں نے ہمیشہ کماحقہ استعمال کیا ہے، ہمارے مسائل ہماری مشکلات اور ہماری آواز کو پوری دنیا تک، حکمرانوں تک پہنچایا ہے، تو میں انہیں خوش آمدید کے ساتھ ساتھ خراج تحسین بھی پیش کرتا ہوں۔ اس کے بعد جناب سپیکر، میرا کال اٹینشن نوٹس ہے۔

جناب سپیکر، میں آپکی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ایف سی کے پلاٹون نمبر 194 جو کہ کوہستان میں خدمات سرانجام دے رہا ہے، تو مذکورہ پلاٹون کا ایک سپاہی ناصر شاہ ولد فقیر شاہ عرصہ تقریباً دو تین سال سے ایک سابقہ آئی جی پولیس کے ساتھ ڈیوٹی دے رہا تھا، عرصہ پندرہ دن، بلکہ اب جب میں یہ داخل کر رہا تھا تو پندرہ سولہ دن ہوگئے ہیں، آج اس کے والد صاحب بھی یہاں پر تشریف لائیں ہیں، تقریباً اٹھارہ دن ہوگئے ہیں کہ وہ غائب ہے۔ جب اس سلسلہ میں اس کے رشتہ داروں نے مذکورہ آئی جی پولیس کے گھر سے دریافت کیا، سابقہ آئی جی پولیس کے گھر سے دریافت کیا تو انہیں یہ کہا گیا کہ ایک جرم کی پاداش میں، اس نے جواب دیا، پولیس کے حوالے کیا گیا ہے لیکن پولیس معلومات بسیار کے باوجود مذکورہ سپاہی کا پتہ دینے میں ناکام رہی۔ ابھی تک پتہ نہیں چل رہا کہ مذکورہ سپاہی جو غائب ہے، وہ زندہ ہے یا مردہ ہے یا اسے حبس بے جا میں رکھا گیا ہے؟ انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ گزارش کی جاتی ہے کہ حکومت اصل حقائق سے ہاؤس کو باخبر کرے اور گمشدہ سپاہی کو برآمد کرنے میں اپنا کردار ادا کرے۔

جناب سپیکر، اس سلسلے میں مذکورہ سپاہی کے والد کی طرف سے ایک خط جس کی کاپی میرے پاس بھی ہے، وہ آپ کی طرف انہوں نے بھیجی ہے، یقیناً آپ نے اس خط کو پڑھا ہوگا، میں اس سنگین مسئلے پر انسانیت کے حوالے سے ایک بات کرنے سے پہلے کہ حکومت کے ادارے جس طرح ہمارے عام لوگوں کے ساتھ یا اپنے ماتحتوں کے ساتھ جو سلوک کرتی ہے، ان کے حقوق کے حوالے سے میں بات کرونگا۔ جناب سپیکر، یہ کال اٹینشن نوٹس آج سے تین دن پہلے میں نے اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کیا اور

پھر سیکرٹری صاحب سے میں نے ریکویسٹ کی اور میرے سامنے سیکرٹری صاحب نے اس پر Urgent action کیلئے احکامات بھی صادر کئے، میں ان کا مشکور ہوں لیکن آج جب میں اپنے سامنے یہاں دیکھتا ہوں، آفیسرز گیلری میں تو جناب سپیکر، نہ تو مجھے پولیس کا کوئی نمائندہ نظر آتا ہے، نہ مجھے متعلقہ اداروں سے، ایف سی، فرنٹیئر کنسٹیبلری جس کا سپاہی ہے، جو گم ہو چکا ہے، جو بچے خدمات دے رہے ہیں، جہاں مختلف قوموں کے لوگ خدمات دے رہے ہیں، جہاں آج دہشت گردی کے خلاف یہ سروں پر کفن باندھ کر، چاہے ہماری پولیس ہو، چاہے ہماری ایف سی کے نوجوان ہوں، یہ سروں پر کفن باندھ کر حالات کا مقابلہ کر رہے ہیں، دہشت گردی کا مقابلہ کر رہے ہیں، سماج کے اندر پھیلے ہوئے جو جرائم ہیں، ان کا مقابلہ کر رہے ہیں، کیا ہمارے یہ ادارے فرنٹیئر کانسٹیبلری، پولیس کے جو ذمہ دار ہیں، کیا انکی ذمہ داری نہیں ہے کہ اگر بیس دن سے، اٹھارہ دن سے ایک سپاہی گم ہے اور اس کا باپ در در کی ٹھوکریں کھا رہا ہے، وہ اس آئی جی کے گھر میں گیا اور اس نے کہا کہ جناب اس کو چوری کے الزام میں میں نے پولیس کے حوالے کیا، باقی جاؤ مجھے کوئی پتہ نہیں، جناب سپیکر، ایک سوال یہ بھی تو پیدا ہوتا ہے کہ ایک لڑکا جسکا پلاٹون کوہستان میں ہے اور اس کی ڈیوٹی جو ہے وہ ایک ریٹائرڈ پولیس آئی جی کے ساتھ لگائی گئی ہے، سب سے پہلے تو ہمیں یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ کتنے نوجوان، کتنے ہمارے لوگ، کتنے ہمارے بچے آج بجائے اس کے کہ وہ اپنی خدمات انجام دیں، آج حاضر سروس تو اپنی جگہ پر ٹھیک ہے لیکن ریٹائرڈ لوگ جو اپنی خدمات ختم کر چکے، جو اپنی ملازمت ختم کر چکے ہیں، جو مراعات لے چکے ہیں، جو آج پنشن لے رہے ہیں، آج بھی وہی ٹھاٹ باٹ ہے، آج بھی انکے وہی نخرے ہیں، آج بھی اسی طرح سرکاری اہلکاروں کو اپنے مقاصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں، آج بھی انکی عیاشیوں میں کوئی فرق نہیں پڑا، تو جناب سپیکر، میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ یہ ایک واقعہ جو ہے، اس واقعہ کو بنیاد نہیں بنانا چاہیئے، اس واقعہ سے ہمیں یہ سبق لینا چاہیئے، اس کو ایک ایسی بنیاد ہمیں بنانا چاہیئے کہ جس سے ہمارے اہلکار، ہمارے پولیس کے اہلکار، ہمارے ایف سی اور ہمارے دیگر اداروں کے اندر جتنے ہمارے اہلکار ہیں، وہ بجائے اس کے کہ افسران کے گھروں میں بچارے جا کر ڈیوٹیاں کریں، مظالم سہیں، وہ جہاں جہاں انکی ڈیوٹیاں ہیں، جہاں قوم کو انکی ضرورت ہے، قوم کو اس بات کی ضرورت نہیں کہ ایک جوان کسی پولیس افسر کے گھر میں جا کر وہاں پر چوبیس گھنٹے کی ملازمت کرے، ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارے بچے مر رہے ہیں، بے گناہ لوگ مر رہے ہیں، جگہ جگہ دھماکے ہو رہے ہیں، Kidnapping ہو رہی ہے، جرائم ہو رہے ہیں، انکی طرف ہمیں توجہ دینے کی

ضرورت ہے لیکن آج میں یہ بات کرتا ہوں، میاں صاحب یہاں پر بیٹھے ہیں، انتہائی ذمہ دار ہمارے منسٹر انفارمیشن ہیں، میں آپ کی وساطت سے ان سے گزارش کرتا ہوں کہ خدا کیلئے اس بچے کا جس کے والدین آج در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، اس کا پتہ تو معلوم کریں، یہ معلوم تو ہونا چاہیئے کہ اگر اسے مارا گیا ہے، اسے قتل کر دیا گیا ہے تو پھر بھی لواحقین کو بتا دیں اور اگر اس کو کسی حبس بے جا میں رکھ کر آئین کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں، اس پر تشدد ہو رہا ہے، اگر اس نے جرم کیا ہے تو وہ قانون کا جو پروسیجر ہے، عدالتیں ہیں، عدالتی طریقہ کار ہے، اس کے مطابق اس سے باز پرس ہونی چاہیئے لیکن یہ جو طریقہ کار ہے جناب سپیکر، یہ طریقہ کار اگر جاری رہا، ایک بچے کیلئے اس کے والدین نے مجھ تک Approach کیا، ہو سکتا ہے کہ ایک دو کیس اور بھی ایسے ہوں جہاں انکی یہ استطاعت ہو کہ وہ اپنے نمائندوں تک پہنچ سکیں لیکن ایسے کتنے غریب ہونگے کہ جن کے بچے اس بھٹی میں، اس آگ میں جل رہے ہونگے لیکن ان کیلئے آواز اٹھانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ کیا یہ ضروری ہے کہ انصاف دینے کیلئے کسی ایم پی اے، کسی وزیر، کسی بڑے آدمی، کسی بڑے اہلکار کی اس بیساکھی کو ہمیں استعمال کرنا پڑیگا؟ نظام کو بھی ہمیں درست کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں ایسا نظام دینا چاہیئے کہ کسی بھی سرکاری یا ریٹائرڈ ملازمین کی اس ہاؤس میں رپورٹ آنی چاہیئے کہ کتنے بچے ہیں جو کہ سرکاری ڈیوٹیوں کی بجائے ریٹائرڈ افسران کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، کتنے بچے ہیں کہ ان سے پوچھا جائے کہ ان کے ساتھ ان گھروں میں جہاں وہ رہ رہے ہیں، رویہ کیا ہے، وہ ڈر کے مارے آواز نہیں اٹھا سکتے، خوف کے اندر انکی زندگیاں گزر رہی ہیں، اس لئے جناب سپیکر، میں گزارش کرتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے اس بچے کی بازیابی کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں، اس ہاؤس کو مطمئن کیا جائے اور وہ تمام محصور ہمارے پولیس اور ایف سی کے وہ بچے جو ریٹائرڈ افسران کی قید میں ہیں انکو انکی قید سے بھی رہائی دلوائی جائے۔ بڑی مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی آنریبل افتخار حسین صاحب، پلیز۔

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات):</u> شکریہ جی۔ پیر صاحب نے بہت اہم مسئلے پر جس جذباتی انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا، کچھ اس سے منسلک اور کچھ حالات اور واقعات کو ایسے انداز میں بیان کیا کہ وہ خود بھی وزیر اعلیٰ رہ چکے ہیں، ان کو خود بھی یہ اندازہ ہے کہ جو ریٹائر ہو جاتے ہیں، انکی بھی کچھ مراعات ہوتی ہیں اور اسی طرح جس طرح ہمارے سابقہ وزیر اعلیٰ صاحبان ہیں تو انکے بھی کچھ ایسے ہی حقوق ہیں اور اس طرح پریویلج بنتا ہے، تو ایسا نہیں ہے کہ کسی کو زبردستی وہاں پر لے جایا گیا ہے البتہ یہ ضرور ہے کہ چونکہ

ایف سی مرکز سے تعلق رکھتی ہے اور وہاں سے کنٹرول ہوتی ہے،اس سلسلے میں ہمارے صوبے میں جو واقعہ ہوا ہے تو ہماری اپنی ذمہ داری بنتی ہے اور چونکہ پولیس سے پھر انکا واسطہ ہے،اس بنیاد پر ہم نے مرکز سے معلومات کو اکٹھا کرنے کیلئے وہاں پر رابطہ کیا ہوا ہے اور دو دن کا وقت انہوں نے دیا ہے، دو دن کے اندر اندر آئی جی پی صاحب کو ایف سی کی طرف سے رپورٹ مہیا کی جائیگی تو تمام صورتحال سامنے آجائیگی اور ہم نے اس مسئلے کو اٹھایا ہے۔اس بات کا جناب سپیکر، چونکہ سارے صوبے سے تعلق ہے، سارے ملک سے تعلق ہے اور ایک بندے کا پھر اس طریقے سے غائب ہونا اور پھر اس کو جرح کیلئے لے جایا گیا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ جو کچھ بھی ہو عوام کے سامنے ہو، چھپ چھپا کے بات نہیں ہونی چاہیئے اور یہ کہ اس کو بالکل جس طرح پیر صاحب چاہ رہے ہیں، اسی طرح ہم نے Take up کیا ہوا ہے لیکن اس کے علاوہ اس کے پس منظر میں بات ہم کرنا چاہتے ہیں کہ کوئی بھی ایسی وکالت نہ کی جائے کہ کل کو اگر حقیقی صورتحال سامنے آئے تو اس وکالت پر اپنے آپ کو پچھتانا پڑے کیونکہ جب ساری صورتحال سامنے آتی ہے تو پھر واقعات کچھ اور ہوتے ہیں، لہذا ہمارے ملک میں جس طرح پیر صاحب نے اشارہ کیا کہ بہت کچھ ہو رہا ہے، دہشت گردی بھی ہے، غنڈہ گردی بھی ہے، سب کچھ ہے،اور یہ سب کچھ اسی ہمارے معاشرے میں ہو رہا ہے اور اسی معاشرے میں کچھ لوگ انکے ساتھی بھی ہیں، انکا ساتھ بھی دے رہے ہیں، مخبر کا کام بھی کر رہے ہیں اور پھر ان سے تفتیش کرنے کیلئے مختلف طریقہ کار بھی ہوتے ہیں، لہذا اس طریقے سے اس پیرائے میں بات کرنا کہ خدانخواستہ سو فیصد ظلم ہو رہا ہے، ناجائز ہو رہا ہے، ہم اگر پولیس کی بات کرتے ہیں، آج آئی جی ریٹائرڈ کی بات کرتے ہیں اور پولیس کی قربانیوں کی بات کرتے ہیں تو لازمی بات ہے کہ وہ وہی پولیس ہے جس کے حوالے سے یہ کہہ رہے ہیں کہ آج وہ ریٹائرڈ ہے تو اس کا کچھ حق نہیں بنتا، یہ وہی پولیس ہے جو جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ہمیں تحفظ فراہم کرتی ہے۔آج جس جوان کی ہم بات کر رہے ہیں جو ایف سی میں ملازم ہے تو ایف سی میں ملازم ہوتے ہوئے بھی ہماری پولیس کے ملازموں کے ہاتھ ان کا جرح ہو رہا ہے، لہذا ایف سی کے ملازم کا بھی تحفظ ہے، پولیس کی ملازمت کا بھی تحفظ ہے، غیر قانونی طریقے سے اگر ایف سی والا کام کرے، اس سے پوچھا جائیگا، پولیس والے کام کریں، ان سے پوچھا جائیگا، اگر کوئی کسی کا ملازم ہو نہ ہو اور پاکستان کا شہری ہو اور غیر آئینی، غیر قانونی طریقے سے کام کرے، اس سے بھی پوچھا جائیگا، لہذا میں پیر صاحب کو اور تمام اپنے اس ہاؤس کو اور اس کے ذریعے سارے صوبے کو اور انکے والدین کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہم بالکل سو فیصد حقیقی طور پر تحقیقات کرینگے اور اگر اس پر کوئی ایسا جرم نہ ہو کہ جس کے

زمرے میں اس کو گرفتار کیا جاسکتا ہے تو ضرور رہا کیا جائیگا اور اگر یہ بر حق تھا تو انہوں نے غفلت کی ہے جن لوگوں کے پاس یہ ہے، تو اس غفلت کے مرتکب ہونے کے بعد مکمل طور پر انکو سزا دی جائیگی تاکہ آئندہ کیلئے ایسی کوئی حرکت نہ کر سکے۔ بڑی مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی پیر صاحب۔

<u>سید محمد صابر شاہ:</u> انہوں نے جو یقین دہانی کرائی کہ ہم اس کو برآمد کرنے میں اپنا پورا کردار ادا کرینگے، میاں صاحب بہت اچھے، ہمارے اس ہاؤس کے تمام وزیروں میں سب سے اچھے ہمارے ساتھی ہیں اور بات کرنا بھی جانتے ہیں اور بات کے اندر جو بات کرتے ہیں Between the line، وہ بھی بڑی اہم ہوتی ہے، میں صرف یہ گزارش کرتا ہوں کہ اس ہاؤس میں اس بچے کے معاملے کو لانے کا مقصد کہ اگر وہ مجرم ہے تو میں نے قانون کی بات کی ہے، قانون موجود ہے اور حقائق جاننے کیلئے جو حقائق بھی آتے ہیں، اس پہ ہمیں شرمندگی نہیں ہوگی۔ میں معذرت کے ساتھ میاں صاحب سے کہ اس طرح سے تو کوئی بھی مسئلہ ہم نہیں اٹھائیں گے کہ ہمیں شرمندگی اٹھانا پڑے گی، ہم کہتے ہیں، اگر وہ مجرم ہے تو اس کے مطابق، قانون کے مطابق اس کے ساتھ معاملات ہونے چاہیئے۔ باقی جو ریٹائرڈ پولیس کی آپ نے بات کی، بالکل پولیس کیلئے اگر یہ ضرورت آپ محسوس کرتے ہیں، کسی کو ہمارے اہلکاروں کو، ہمارے سپاہیوں کو دینے کی، تو اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ان کے ساتھ کوئی زیادتی اور ظلم بھی نہ ہو، اگر بیس دن سے ایک لڑکا غائب ہو اور اب اس کی بات بھی وہاں پہ کی جائے اور وہاں سے یہ جواب دیا جائے کہ ہم نے پولیس کے حوالے کیا ہے، اور آج تک نہ اس کی ایف آئی آر، نہ اس بچے کے بارے میں پولیس سے معلومات ملیں، نہ کسی اور جگہ سے تو تشویش اگر ہمیں نہیں ہوگی اور اگر اس کو ہم چھوٹا مسئلہ سمجھیں گے تو میرے خیال میں یہ بڑی زیادتی ہوگی۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں میاں صاحب کا کہ انہوں نے جو یقین دہانی کرائی، مجھے یقین ہے کہ وہ اس پہ فوری ایکشن لیں گے۔ بڑی مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔ آئٹم نمبر 8۔

<u>وزیر اطلاعات:</u> جناب سپیکر صاحب! پیر صاحب بالکل درست خبره اوکړه، ما چه په کوم پیره خبره کړے ده، دا هم یقینی خبره ده چه کوم سړے گرفتار شي یا د پولیس سره وی نو پکار دا ده چه د هغے رپورټ درج شي، ایف ائی آر درج شي۔ دا پریکټس نه دے پکار چه د ایف آئی آر نه بغیر د یو کس د پولیس په لاس کښے وی، ما ځکه په دے بنیاد خبره اوکړه چه تحقیقات به کوؤ دوه ورځے هغوی مونږ

له راکړی دی، دوئ له ما Surety ورکړے وه خو دا په دے بنیاد، داسے ما نه دی وئیلی چه شرمندګی، څه خبرے داسے دی لکه مونږ ذمه وار خلق یو، مونږ به د ټولو خبرو خیال ساتو۔ کوم سړے چه نن نشته او هغه سره دا زیاتے شوے دے، د هغه تپوس به کوؤ، کوم چه آئی جی پی سره وو او هغه ریټائر دے، ولے وو؟ د دے تپوس به هم کوؤ۔ که هغه Entitled وی، دا به په ریکارډ وی، بغیر ریکارډ نه څوک سرکاری ملازم چا له ورکولے نه شی او بیا چه دا هغه نن پولیس سره دے او په ریکارډ نشته، د دے تپوس به هم کوؤ خو دا یوه خبره چه ما اوکړه، دا د ذمه وارئ په حیثیت ما په دے اوکړه جناب سپیکر صاحب، چه زمونږ په دے صوبه کښے ډیرے خبرے روانے دی چه د هغے د روک تهام د پاره مونږ له به اقدامات اوچتول غواړی۔ ډیرے خبرے داسے وی چه هغه بیا وروستو حقائق مخکښے بیانوؤ، هغه خبره زمونږ لاس ته نه راځی۔ زه به یو مثال ورکړم، زما خپل خیال دا دے چه پیر صاحب به زما سره په دیکښے متفق وی، جناب سپیکر صاحب، مونږ چه د دهشت ګردو په حواله خبره کوؤ او مونږ بروقت خبره اوکړو نو هغه دهشت ګرد زمونږ ګوتو له نه راځی، د هغوی دومره مضبوط نیټ ورک وی چه هغه زمونږ د ګوتو نه اوځی او بیا صرف خبره پاتے شی او خلق د ګوتو نه وتلی وی۔ کله چه مونږه دهشت ګرد لاس ته راولو، خبره برابر کړو او بیا مونږ ته اندازه اولګی چه که اوس دا خبره خلقو ته ځی، دهشت ګرد زمونږ د ګوتو نه وتے نه شی، نو د دے خبرو لږ احتیاط کوؤ، زما خپل خیال دا دے چه پیر صاحب به زما په خبرو باندے کیدے شی د هغوی جذباتو ته ټهیس رسیدلے وی، ما خو په دے خیال باندے کړی دی، د هغه برحق خبره ده او په دیکښے به ورسره پوره ملګرتیا کوؤ۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you ji; thank you Mian Sahib.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن مجریہ 2011 کا پیش کیا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: The honourable Minister for Law on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa Public Service Commission (Amendment) Bill, 2011.

<u>Barrister Arshad Abdullah (Minister for Law)</u>: Thank you, Sir. On behalf of the honourable Chief Minister, I would like to present

before this august House the Khyber Pakhtunkhwa Public Service Commission (Amendment) Bill, 2011. Thank you.
Mr. Speaker: It stands introduced.

ہائر ایجوکیشن کمیشن پر اختتامی تقریر

Mr. Speaker: Honourable Minister for Higher Education, to please deliver windup speech on Higher Education Commission. Qazi Asad Sahib.

قاضی محمد اسد خان(وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو، سر۔ سر، 'وائنڈاپ' سے پہلے میں بھی ہزارہ کے جو ہمارے میڈیا کے معزز اراکین یہاں تشریف لائے ہیں، انہیں خوش آمدید کہتا ہوں۔ جناب سپیکر، ایجوکیشن Generally اور ہائر ایجوکیشن Particularly کسی بھی کامیاب معاشرے کی سب سے اہم Investment ہے اور اس کے جو نتائج ہیں، وہ آپ کو بہت دور تک اس کے Profits ملتے ہیں۔ یہ سر جو ڈیبیٹ پچھلے کچھ دنوں سے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی Devolution کے حوالے سے شروع ہوئی اور پھر اس پہ میڈیا میں مختلف لوگوں نے بات کی، سپیکر صاحب، آپ اور یہ معزز ہاؤس یہ جانتا ہے کہ اسلام آباد یا مرکز کوئی الگ چیز نہیں ہے، مرکز ان چار Federating units کا مرکز ہے اور مجھے یاد ہے کہ آپ کی مدد سے، آپ کی Interest کی وجہ سے ہم نے تقریباً چار یا پانچ یونیورسٹیز کے ایکٹ پاس کئے تھے اور عبدالاکبر خان، جنہوں نے یہ نوٹس بھی دیا جس پر یہ بحث جاری ہے، میرے ساتھ اکثر بحث کرتے تھے۔ میں نے کہا ہے جی، یہ ہائر ایجوکیشن کمیشن چونکہ ہمیں فنڈ دیتا ہے اور چانسلر صاحب کو Directly، یونیورسٹی چونکہ Autonomous ہے، چانسلر صاحب کو وہ رپورٹ کرتا ہے تو عبدالاکبر خان نے مجھے کہا کہ کوئی فنڈ ہمیں کوئی نہیں دیتا، یہ مرکز سے جو فنڈ ہمیں ملتا ہے، وہ اس صوبے کا حق ہے۔ پس فنڈ جو ملتا ہے، وہ ہے کہ صوبے کا ہم اپنا شیئر لیتے ہیں، کسی سے کوئی خیرات نہیں لیتے ہیں اور جن لوگوں نے اٹھارہویں ترمیم کے اوپر کام کیا ہے، وہ ویسے ہی دو تین سال کی بات نہیں تھی، یہاں پر صوبائی خود مختاری کیلئے ہماری پارٹی نے اور مختلف پارٹیوں نے بھی، لیکن ہماری پارٹی نے سب سے لمبی جدوجہد کی ہے اور یہ وہی پراونشل اٹانومی تھی جس کے Outcome میں، جس کے نتیجے میں آپ کو یہ اختیارات مل رہے ہیں۔ سر، میں نے ان Authors کے ساتھ، ان لوگوں سے بات کی ہے کہ جی آپ سے یہ کوئی غلطی رہ گئی ہے آئین میں کہ آپ چاہتے نہیں تھے، آپ نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کا جو Role دیکھا تھا، کیا وہ ایسا نہیں تھا؟ انہوں نے کہا نہیں، بالکل تھا اور ہم نے اسکو بالکل صوبوں کو Devolve کرنے کیلئے قانون بنایا اور اسکی

فنانشل اٹانومی صوبے کو ملے گی اور صوبے پھر یونیورسٹیز کے فنڈز میرٹ پہ، اس کے اوپر میں بات کرتا ہوں، تقسیم کریں گے۔ سر، ہم کبھی بھی اپنے تعلیمی معیار کو گرنے نہیں دیں گے، ہم اس کو بہتر کریں گے، اس کو Improve کریں گے۔ آپ کو پتہ ہے سر، اس ترمیم کے بعد بھی مرکز کے پاس تو سنٹرل باڈی ہو گی، جہاں پہ Equivalence, Standards of Education اور ریسرچ کا اختیار رہے گا، اس پر تو کوئی پابندی بھی نہیں، جدھر میرے معزز اراکین نے تھوڑا یہ خدشہ ظاہر کیا تھا کہ جی یہ ریسرچ کے اوپر کام ہو رہا ہے، یہ سٹینڈرڈز ختم ہو جائیں گے تو ایسا انشاء اللہ تعالیٰ کوئی مسئلہ بھی نہیں ہو گا لیکن جو Critical بات ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کو جو ایکدم کامیاب کروایا جس چیز نے، وہ فنڈنگ تھی، اس کو پیسے ملے تھے اور پھر اس میں کمال کیا تھا اس پیسے کا کہ وہ جو خرچ کرتے تھے، انہیں ایک لائن کا بجٹ ملتا تھا ہائر ایجوکیشن کمیشن کو، جب پی ایس ڈی پی میں بجٹ مختص ہوتا تھا تو وہاں پہ ایک لائن کا بجٹ جیسے آپ کی صوبائی اسمبلی کیلئے مختص ہوتا ہے، پھر آپ اپنی صوبائی اسمبلی میں کسی کے پابند نہیں ہوتے، اپنے قانون اور اپنے رولز آف بزنس کے تحت اپنا فنڈ خرچ کر سکتے ہیں، ہائر ایجوکیشن کمیشن اس طرح خرچ کرتا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ یہ تھا کہ ڈاکٹر عطاء الرحمان صاحب کی Vision تھی، ان کی Excellence تھی، انہوں نے بڑا زبردست ایک پلان بنایا اور اس پہ انہوں نے Standards criteria رکھے، میں ایک دو مثالیں آپ کو دے دوں سر کہ ایک اس میں انہوں نے یہ رکھا تھا کہ یونیورسٹی کی جو فیکلٹی Hire ہو گی، اس میں کوئی بھی تھرڈ 'ڈویژنز' نہیں ہو گا، جس کے کیریئر میں کوئی بھی تھرڈ ڈویژن ہو، وہ آپ کی پبلک سیکٹر زیونیورسٹیز میں نوکری نہیں کر سکے گا۔ ساتھ بنیاد تھی، Vision تھی، پلان تھا لیکن پیچھے پیسے کی Backing تھی اور سر، میں آپ کو یہ بتاؤں کہ ایک وی سی صاحب نے کل ہی ہمیں بتایا ریسرچ کر کے کہ International average spending on education پانچ اعشاریہ ایک فیصد ہے، سر، لگ بھگ دو سو ملک کا Average 5.1 فیصد، میں افسوس سے کہہ رہا ہوں کہ ہمارا Average 1.4 فیصد ہے، ہندوستان 6.1 فیصد ہے۔ یہ فنڈنگ کی بات تھی سر، یونیورسٹی بنائے صوبائی اسمبلی کا ایکٹ، زمین اس کیلئے دے صوبائی حکومت، Minimum capital requirement اس کی پوری کرے صوبائی حکومت، سوال اس پر آئے تو جواب دے صوبائی حکومت، تو پھر سر کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی یونیورسٹیز کو کنٹرول نہ کر سکیں اور ان کو چلا نہ سکیں بہتر انداز میں؟ ہم سر اس کیلئے پروانشل ہائر ایجوکیشن کونسل تجویز کر رہے ہیں اور پروانشل ہائر ایجوکیشن کونسل انشاء اللہ تعالیٰ ڈاکٹر عطاء الرحمان صاحب کے ماڈل کو ہم

Follow کریں گے۔ کوئی بھی ہو انسان تو ساری دنیا سے نالج لیتا ہے، تعلیم حاصل کرتا ہے، ڈاکٹر عطاء صاحب تو ہمارے اپنے تھے، انہوں نے ایک کامیاب ماڈل دیا، اس کو بہت اچھے طریقے سے انشاء اللہ تعالیٰ یہاں پہ Follow کیا جا سکتا ہے اور یہ سر ہماری گورنمنٹ نے بار بار Commitment کی ہے، چیف منسٹر صاحب نے کہ ہم فنڈنگ کو پرابلم نہیں ہونے دیں گے، فنڈنگ فراہم کی جائے گی، یہ ہمارے مستقبل کی بات ہے اور سر ہم نے بھی یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو ہماری پراونشل ہائر ایجوکیشن کو نسل ہو گی، اس کو بھی ہم Bulk میں بجٹ میں فنڈ دیں گے تاکہ پھر یہ پراونشل ورکنگ پارٹی، ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی اور Bureaucratic hurdles کا کوئی مسئلہ نہ ہو اور وہ جو اصل اٹانومی ہوتی ہے سر کسی بھی انسٹی ٹیوشن کی، وہ اسکی فنانشل اٹانومی ہے، ہم اس کو فنانشل اٹانومی دیں گے تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ وہ True آزاد ہو گی۔ سر ادھر کچھ لوگ مخالفت کر رہے تھے، اس ہاؤس کے آنریبل ممبرز تو ڈیبیٹ کر رہے تھے لیکن باہر کچھ لوگ اس کی مخالفت کرتے ہیں، سر ان سے بنیادی سوال یہ ہے کہ آپ کو اسلام آباد جا کے، اپنے پراجیکٹس لے جا کے وہاں پر بات کرنا آسان لگتا ہے اور یہاں پہ آپ کی اگر اسی طرح کی باڈی، اتنی ہی با اختیار باڈی ہو پشاور میں، صوبے میں، اس کے پاس جانا آپ کو مشکل نظر آ رہا ہے تو یہ سر ایک ایسی چیز تھی کہ ہمیں بالکل سمجھ نہیں آئی لیکن میں یہ واضح کر دوں کہ اللہ کے فضل سے ہمارے وائس چانسلرز پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے گورنمنٹ کے ساتھ ہیں، وہ گورنمنٹ کے ماتحت ہیں اور وہ اس پر ہمارے ساتھ بیٹھ کے کام کر رہے ہیں۔ سر، ہمارے پاس یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ Capacity نہ ہو، خیبر پختونخواہ کا تو تعلیم میں ایک نام تھا، آپ جانتے ہیں سپیکر صاحب، جہاں بھی دنیا میں آپ چلے جائیں، آپ کے اس صوبے کے لوگ باہر مغرب میں اعلیٰ ترین پوسٹوں پہ کام کر رہے ہیں، سائنس اور ریسرچ میں کام کر رہے ہیں۔ سر ہمارے Caliber کی میں ایک مثال یہ دوں کہ یونیورسٹیز گرانٹس کمیشن کا ایک چیئرمین پریشان خٹک صاحب بھی تھے اور وہ اسی صوبے سے تعلق رکھتے تھے، تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے پاس یہ Personalities ہیں کہ جو مرکز میں بھی، اگر یہ ادارہ وہ چلا سکتے ہیں تو صوبے میں بھی تو Sons of the soil ہیں، وہ تو اس سے بھی بہتر چلا سکتے ہیں۔ ایک اور بات سر، ہمارے میرٹ کے بارے میں ہماری حکومت کے حوالے سے یہ اس ہاؤس کو بتانا چاہتا ہوں کہ یونیورسٹیز کے ہمارے ہاں جو وائس چانسلرز لگانے کا پروسیجر ہے سر، وہ سرچ کمیٹی ہے، سارے ملک میں جس کی تعریف کی گئی ہے اور وہ بالکل Transparent ہے، جب وی سی Transparent طریقے سے ہم لگاتے ہیں تو وہ اپنے ایک خاص

Criteria کو پورا کر کے لگتا ہے، وہ میرٹ پر لگتا ہے، اس میں حکومت کی کوئی دخل اندازی نہیں ہوتی۔ یہ وہ چیزیں ہیں نا سر کہ جو انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی اپنی پراونشل ہائر ایجوکیشن کو نسل کو چلانے میں، یہ وہ طریقہ کار ہوگا جو اس کو Independent اور Transparent رکھے گا۔ سر، آپ کی اس صوبائی حکومت نے اس دفعہ یہ جو موجودہ مالی سال، تاریخ میں پہلی بار چوبیس کروڑ روپے پی ایچ ڈی سکالر شپس کیلئے اس صوبے نے رکھے اور وہ عبدالولی خان یونیورسٹی کو ہم نے دیئے ہیں چوبیس کروڑ روپے، انشاء اللہ اسکو ہم جاری رکھیں گے۔ کہنے کا مقصد یہ ہے جی کہ یہاں پر ہمارے پاس وہ سوچ ہے ہائر ایجوکیشن کیلئے، اس سے آپ دیکھ سکتے ہیں سر، یونیورسٹیز آپ کے سامنے یہاں پر بنتی رہیں، ہم نے تو پرائیویٹ سیکٹر کو بھی Encourage کیا، پبلک سیکٹر کو بھی ساتھ ساتھ کر رہے ہیں۔ سر، یہ جو ہائر ایجوکیشن کمیشن کے حوالے سے میں نے بتایا کہ ڈاکٹر عطاء الرحمان صاحب کو فنڈز تک Access حاصل تھی، بات کرنی ہے تو سر میں بات کرتا ہوں لیکن اگر خالی ہاتھ ہوں تو بات نہیں بنے گی۔ وہ جہاں سے بات کرتے تھے، جیب سے پیسہ نکالتے تھے اور وہ اسکو چلا سکتے تھے۔ راکٹ سائنس کوئی بھی نہیں تھی۔ قصہ سر سارا یہ ہے کہ تنخواہ اچھی دینے کی پوزیشن میں تھے، Salaries بڑھادیں، ریسرچ کو Tie کر دیا، کلاز وہاں پہ ڈال دیں کہ جب آپ فنڈز یونیورسٹیز کو دیں گے تو اتنا آپ ریسرچ پر خرچ کریں گے، اتنا آپ لائبریریز پر خرچ کریں گے، اتنا آپ فیکلٹی ٹریننگ پہ کریں گے۔ فیکلٹی کے Minimum standards بنا دیئے اور اسکی وجہ سے سر، پھر Naturally آپکا سٹینڈرڈ چڑھتا گیا۔ Research Journals بنادیئے کہ ان میں آپ نے بڑی پبلیکیشنز شائع کرنی ہیں، بات پھر پیسے کی تھی۔ اب سر، چوالیس ارب روپے ایچ ای سی کے بجٹ میں پانچ ارب روپے پختونخوا کو ملتے ہیں، اس پانچ ارب کو میں نے جیسے پہلے کہا کہ اگر آپ نے دیکھنا ہے، جن کے ساتھ آپ کا Competition ہے، دنیا میں Seclude ہو کر کوئی نہیں رہ سکتا، سب نے مل کر مقابلے میں رہنا ہوتا ہے، لوگ Six percent خرچ کر رہے ہیں سر، میں ایران گیا تھا Seventeen percent خرچ کر رہے ہیں ایجوکیشن پر اور اس کے Priorities ہیں۔ میں سر کئی دفعہ، بلکہ تقریباً پچھلے ایک ڈیڑھ سال سے، جب سے ایجوکیشن ٹاسک فورس بنائی گئی تھی، میں اپنے حلقے میں جہاں بھی جاتا ہوں، میں Even پبلک کو کہتا ہوں کہ اپنے نمائندوں کو خدا کیلئے چھوڑیں کہ ان سے آپ تبادلے اور بھرتیاں اور شارٹ ٹرم یہ ٹرانسفار مرز اور یہ باتیں کہ پینے کا پانی مانگیں، اس سے کہیں گے کہ آپ خدا کیلئے ایجوکیشن کا بجٹ بڑھائیں۔ ایجوکیشن کا بجٹ بڑھے گا تو یہ پانی بھی ملے گا، گیس بھی ملے

گی۔ سر، ایجوکیشن ایک تو ہے نا ترقی کا عام لفظ ہے، سر Technically جب ایجوکیشن ہو گی، یہ لوگ ہوں گے تو جو Applied research ہے اور Technology transfer ہے، اسکے ہم قابل ہونگے۔ یہاں پر ہمارے ایک ڈائریکٹر سائنس (سابقہ) بیٹھے ہیں جی، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے، انہوں نے یہاں پر Fairs کروائے اور وہاں پر انہوں نے جنرل پبلک کو لایا، ادھر سے لوگوں نے اپنی ایجادیں بتائیں۔ شوق بہت ہے، Talent بھی ہے، اس صوبے میں، میں چیلنج سے کہتا ہوں سر، سب سے زیادہ ہے لیکن بات یہ ہے کہ ہمیں فنڈ چاہیئے اور انشاء اللہ تعالیٰ سر فنڈنگ بھی دینگے اپنی صوبائی ہائر ایجوکیشن کونسل کو اور اس کو Independent بھی رکھیں گے اور سر، کبھی بھی کسی بھی پلان کی کامیابی Depend نیت پر کرتی ہے۔ بس سر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ، قاضی صاحب۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> میں گزارش کر رہا تھا سر، ایک منٹ دے دیں سر۔ سر، آپ مجھ سے زیادہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ آج کل ایک پرائیویٹ سکول میں بچے کا داخلہ نہ ہو، میرٹ کی Violation ہو، لوگ سیدھے عدالت جاتے ہیں۔ پروفیشنل کالجز کو تو چھوڑ دیں، آپ کا خیال ہے سر پولیٹیکل لوگ کوئی ایسا فیصلہ کریں گے کہ جس سے یہ بچوں کا Future at stake ہو جائے گا اور وہ سارے روڈ پر نکل آئیں گے، ایسا کبھی بھی نہیں ہو گا، میں تسلی دینا چاہتا ہوں، انشاء اللہ تعالیٰ جو اس صوبے کیلئے Best ہو گا، وہ ہو گا اور ہم اپنے اس Devolution سے صوبے کو کامیابی کی طرف لیکر جائیں گے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Qazi Sahib, thank you very much

(تالیاں)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> میں مشکور ہوں قاضی صاحب کا کہ انہوں نے بڑی ڈیٹیل سے اور بڑے ماہرانہ انداز میں، جو پوائنٹ میں Raise کرنا چاہتا تھا، وہ انہوں نے تفصیل سے بتا دیا اور جناب سپیکر، یہ ایک Perception بن گیا کہ جی جیسے 18th amendment کے بعد یونیورسٹیوں سے یہ ریسرچ اور یہ سب کچھ ختم ہوتا ہے، پھر میں کہتا ہوں کہ جو فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ کا 16th اور 17th آئٹمز ہیں وہ سب چیزوں کو Cover کرتے ہیں جو Apprehension خواہ مخواہ بھی بنایا گیا ہے، صرف کنکریٹ لسٹ کا جو 38 ہے، میں اس کو سناتا ہوں، جناب سپیکر، صرف یہ صوبے کے پاس آگیا:

"Curriculum, syllabus, planning, policy, center of excellence and standards of education."

سر، یہ ٹرانسفر ہو گیا صوبوں کو۔ باقی 17th جو پہلے بھی تھا، 17th اور 16th فیڈرل لیجسلیٹو لسٹ میں، وہ تو ابھی بھی جناب سپیکر فیڈرل کے پاس ہیں، ابھی بھی اس کیلئے وہ اتھارٹی جو ہائر ایجوکیشن کمیشن ہے یا جو دوسری اتھارٹی بنائیں گے وہ 16th اور 17th میں جو سب کے سکالرشپس کا وہی ہے لیکن یہ تو To the extent of curriculum, syllabus, policy، اب جناب سپیکر آپ دیکھیں کہ ایک، ایک سکول میں ایک قسم کا سلیبس چل رہا ہے، دوسرے سکول میں دوسرے قسم کا سلیبس چل رہا ہے، ایک پرائیویٹ یونیورسٹی میں ایک قسم کا سلیبس چل رہا ہے، دوسری گورنمنٹ یونیورسٹی میں الگ قسم کا سلیبس چل رہا ہے تو جناب سپیکر، اس پر صوبے کا کنٹرول ہو جائے گا اور پھر وہ ایک جیسا سلیبس اور ایک جیسا Curriculum کر لیں گے لیکن جناب سپیکر، میری تو درخواست ہو گی، آج اگر نہیں ہو سکتی تو پرسوں ایک ریزولیوشن، چونکہ میرے خیال میں Ninety percent ممبرز نے اس کو سپورٹ کیا ہے تو اگر ایک ریزولیوشن، خیر ان لوگوں کے ساتھ بھی بیٹھ کر، جنہوں نے اس کی مخالفت کی ہے، ان کے ساتھ بھی بیٹھ کر ایک ریزولیوشن ڈرافٹ کر لیں گے تاکہ اس سلسلے میں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> Monday کو، Monday کو، Monday کو آپ لے آئیں۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جی سر، ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> Monday کو اس پر بحث ہو گی۔ قاضی صاحب، قاضی اسد صاحب، ایک خصوصی گزارش ہے کہ Comparatively سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری کی بہ نسبت آپ کی جو ہائر ایجوکیشن ہے، اس کی کوالٹی بہت بہتر ہے، بہت اچھی جا رہی ہے۔ (تالیاں) نہیں باہر بھی Appreciate کی جا رہی ہے، پورے ملک میں آپ کی ہائر ایجوکیشن کو Appreciate کیا جا رہا ہے، Kindly اس کو خراب نہ ہونے دیں اور اس کو جتنا آگے آپ بڑھا سکتے ہیں اس کو آگے بڑھائیں۔ ابھی میں ایک، ایک۔۔۔۔۔

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات):</u> پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ بیٹھ جائیں، ایک منٹ۔۔۔۔۔

<u>وزیر اطلاعات:</u> د ایچ ای سی په حواله سره زه یو وضاحت کول غواړمه۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ ایک منٹ بیٹھ جائیں نا، مجھے موقع دیں، میں بھی کچھ بولنا چاہتا ہوں، ایک دو گھنٹے سے آپ کو سن رہا ہوں۔ ثاقب اللہ خان اور یہ نگہت اور کز ئی بی بی! آپ لوگوں نے اس دن بہت اچھی Activity دکھائی، چمکنی میں انہوں نے جو ملک سعد سپورٹس کی بہت اچھی Healthy activity

میں نے ان کی دیکھی، اس میں مجھے مدعو کیا گیا تھا، میں آپ سب ہاؤس کو استدعا کرتا ہوں کہ ان کو شاباش دی جائے، انہوں نے ان خراب حالات میں بہت اچھی Functionاس دن منعقد کی تھی، بہت مایوسی کے دنوں میں انہوں نے، تو میں آپ سے بھی استدعا کرتا ہوں کہ آپ اپنے سکولوں میں، آپ اپنے دیہاتوں میں بزرگوں کو بھی اس میں شامل کریں اور سٹوڈنٹس کیلئے اتنی اچھی فنکشنز کریں جس طرح چمکنی میں اس دن انہوں نے Arrange کی تھی۔ بہت مشکور ہوں آپ کا، Thank you very much۔ میاں صاحب۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> جناب سپیکر صاحب! یو سیکنڈ را کړئ سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> اودریږه میاں صاحب! په دے باندے۔۔۔۔۔۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> او سر، یو سیکنډ۔

<u>جناب سپیکر:</u> بنه۔ میاں صاحب! اودریږه، د دے نه پس بیا اووایئ جی۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیر شکرمند یوا و شکریه ادا کوؤ جی، ستاسو ډیر مشکور یو چه تاسو زمونږ حوصله افزائی اوکړه۔ رشتیا خبره دا ده چه د دوئ آرگنائزرز او د ملک سعد ټرسټ چه څومره کسان دی نو هغوی ته زیاته ستائنه پکار ده جی چه هغے کښے ټوله منډه د هغوی وه جی نو د هغے آرگنائزرز او ستاسو د حوصله افزائی مونږ ډیره شکریه ادا کوؤ، د نگهت بی بی او ستاسو۔ ډیره مهربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی نگہت بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، بہت شکریہ۔ ہمارا صوبہ جو کہ دہشت گردی کے حوالے سے جس طریقے سے متاثر ہوا ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ ہاؤس میں یہ جو آپ نے بات کی ہے تو کچھ لوگوں نے اس پر Comments پاس کئے جو مجھے اچھے نہیں لگے۔ آپ نے کہا Healthy activities، تو Healthy activities یہ تھیں کہ وہاں پر جو ہاکی، کرکٹ اور اس قسم کی اکیڈمیز جو ہیں، جو ملک سعد شہید ٹرسٹ ہے اگر دیکھیں تو جو لوگ جانوں کا نذرانے دے دیتے ہیں تو ان کے بعد بھی ان کے نام زندہ رہتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ملک سعد شہید ٹرسٹ کے ایک ممبر ہونے کی حیثیت سے میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ اسلام آباد سے آئے اور اس وقت پھر واپس چلے گئے تو ہمیں آپ کی

طرف سے بھی یہی تعاون ہمیشہ حاصل رہے گا اور یہ Activities جناب سپیکر صاحب، میں چاہتی ہوں کہ ارد گرد کے تمام جتنے بھی گاؤں ہیں، Settled area کو چھوڑ کے، Settled area میں بھی ہونی چاہئیں لیکن جو گاؤں ہیں اور خاص کر پھر فاٹا میں اس قسم کی اگر Activities ہونگی تو ہم بہت سے بچوں کو دہشت گردی سے ہٹا کر ان کو صحیح Track پر لا سکیں گے اور ایسے اور بھی ٹرسٹ بننے چاہیئے کہ جو اس قسم کی Activities ہیں، وہ جاری رکھیں اور میں اس میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں، ثاقب اللہ چمکنی صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں، یہاں پر ہمارے ہاؤس میں جو لوگ ہیں، نادر خان صاحب موجود ہیں، انہوں نے اس میں بہت اچھا Participate کیا، ان کے اور ساتھیوں کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے اتنی اچھی Activities میں ہمارا ساتھ دیا۔ شکریہ، جی۔

Mr. Speaker: Thank you, thank you very much. Ji, Mian Iftikhar Hussain Sahib.

وزیر اطلاعات: ډیره مهربانی جی۔ ما یو وضاحت کول غوښتل څکه چه پرون زمونږ یو مینټنګ شوے وو او هغے کښے دا سوال رااوچت شوے وو چه دا خبره په عدالت کښے ده او ډیر په شدت سره ئے دا خبره کوله چه تاسو، دا ایچ ای سی والا خبره زه کوم، هغوی وئیل چه تاسو په دے خبره نه شئ کولے، سحر له به په پریس کښے په دے باندے مختلف خبرے بیا راځی۔ د دے خبرے وضاحت لازم دے چه عدالت د دے Decision ورکړے دے۔ مونږ پرون هم وائس چانسلران هم په دے خبره په اعتماد کښے واخستل او هغوی ته مو دا اووئیل چه کورټ چه کوم Decision ورکړے دے، هغوی صفا وئیلی دی چه دایچ ای سی متبادل تاسو یو آئینی اداره جوړه کړئ نو بیا چه کوم دے ایچ ای سی ختمه کړئ۔ هغه په دے Favour کښے چونکه هغلته لیجسلیشن نه دے شوے نو په دے وجه کورټ ته د دے خبرے موقع ملاؤ شوه چه هغوی پرے فیصله ورکړه۔ اوس د هغے متبادل د پاره مونږ په صوبه کښے د مخکښے نه تیارے شروع کړے دے، وزیر اعلیٰ صاحب کمیټی جوړه کړے ده، مونږ پرون د ټولو ماهرینو او د وائس چانسلرانو خپله مطلب دا دے دلته اجلاس اوکړو، هغوی له مو درے ورځے ورکړی دی، درے ورځو کښے دننه دننه به هغوی مونږ ته ټول خپل معلومات راکوی او د هغے په نتیجه کښے چونکه که فرض کړه سبا مرکز کښے دا خبره مکمل شوه او مونږ په صوبه کښے تیارے نه وی کړے، دا بیا هم دغه رنګ زوړنده نه وی، خلق

به عدالت ته ځي۔ ما صرف هم په دے باندے دا خبره کول غوښتل چه مونږ سره د دے صوبے ټول خلق په يو لائن دی، هغه که پروفيسران دی، که هغه وائس چانسلران دی او که زمونږ عام خلق دی او زه دا درخواست کوم چه زمونږ د اسمبلئ نه که د يو نيم ملګری خيالات د دے په حق کښے نه دی، هغوی د پخپله هم د دے خبرے سټډی اوکړی، د دے خبرے ډير ګنجائش موجود دے چه هغوی پخپله په دے خبره قائل شی او مونږ د دے اسمبلئ نه متفقه طور خپل د مرکزی ملګرو هم لاسونه مضبوط کړو او ورسر ورسره جی د ملک سعد صاحب خبره تاسو اوکړه، زه د هغه قربانو ته سلام هم پيش کوم، دغه رنګ ترسټ او د هغے سرګرمئ هم پکار دی اوبيا چه کله داسے پروګرام ښوک کوی، تاسو د راغواړی، د هغے Publicity به لږه ډيره آسانه وی ځکه چه د اسمبلئ فلور هر چا ته داسے ملاويږی او يا نه۔ ډيره مهربانی او شکريه۔

جناب سپیکر: میاں صاحب، میاں صاحب، دے ډيرو مايوسو ورځو کښے ،مایوسی کے دنوں میں میرا دل خوش ہوا جب ادھر دیکھ لیا، اتنے بڑے بزرگوں کی بھی تعداد تھی جو سپورٹس میں حصہ لے رہے تھے اور جوان نسل کی بھی بہت بڑی تعداد تھی کیونکہ ادھر سیکورٹی کی وجہ سے جانا مشکل ہوتا ہے لیکن ادھر انہوں نے کمال کی سیکورٹی بھی کی تھی اور اچھی فنکشن تھی۔ شکریہ جی۔

Thank you very much. The sitting is adjourned till 03:00 pm of Monday afternoon, 25th April 2011. Thank you.

(اسمبلی کا اجلاس بروز پیر مورخہ 25 اپریل 2011ء سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)